DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 03.10.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
| --- | --- | --- |
| 01 | پانی وصفائی بنیادی ضروریات ان کے بغیر کسی ملک یا قوم کی بقاء ممکن نہیں، گورنر بلوچستان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | کرپشن کے ناسور کا خاتمہ کیے بغیر بلوچستان ترقی نہیں کر سکتا، وزیراعلیٰ بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | واٹر اینڈ سینی ٹیشن پلان صاف پانی کی فراہمی میں سنگ میل ہوگا، سردار کھیتران۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | حکومت صوبے کی ترقی کے لیے سنجیدہ جہاں ضرورت ہوگی فنڈز دیے جائیں گے، ظہور بلیدی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | مسلم لیگ ن بلوچستان کی ترقی کے ضامن ہے، نور محمد دمڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | ملک کو غیر مستحکم کرنے کی کوشش کبھی کامیاب نہیں ہوگی، صادق عمرانی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | محنت کشوں کی خوشحالی کے لیے تمام اقدامات اٹھا رہے ہیں، بابا عمرانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | صوبے میں صحت کے شعبے کی بہتری اولین ترجیحات میں شامل ہے، وزیر صحت بلوچستان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | بلوچستان میں چینی باشندوں، کیڈٹ کالجز کی سیکیورٹی کو فل پروف بنایا جائے، کمانڈنٹ بی سی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | تمام ترقیاتی منصوبوں کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | حکومت گوادر شپ یارڈ کے لیے جلد فنڈز فراہم کرے، سینیٹر عبدالقادر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | کوئٹہ ضلعی انتظامیہ کی منی پٹرول پمپس تجاوزات اور گرانفروشوں کے خلاف کارروائیاں۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | بلوچستان اسمبلی گوادر اور ڈیرہ مراد کو میونسپل کارپوریشن کا درجہ دینے کی قرارداد منظور۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | ایران سے سیب، پیاز اور ٹماٹر کی درآمد پر پابندی عائد کی جائے، ارکان اسمبلی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پانچ سال مکمل کریں گے، حاجی علی مدد جتک۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | بلوچستان کے مسائل کا حل جمہوری انداز میں ہی ممکن ہے، ڈاکٹر مالک۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | صوبے ملک اور خطے کی صورتحال کے پیش نظر کارکنوں کو تاریخی کردار ادا کرنا ہوگا زیارتوال۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | مسلم حکمران وسپہ سالاران اسرائیلی دہشت گردی کو رکوانے میں کردار ادا کرے، مولانا ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

ڈیرہ بگٹی لین دین کے تنازعہ پر فائرنگ سے خاتون جاں بحق، ڈیرہ مراد جمالی موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر ایک بھائی ہلاک دوسرا زخمی، سریاب دو گروہوں میں تصادم دو افراد جاں بحق اور دو زخمی۔

## عوامی مسائل:

گیس کی لوڈشیڈنگ باعث تشویش ہے مسئلہ حل کیا جائے، شہریوں کا مطالبہ، خضدار میونسپل ملازمین کا تین ماہ سے بند تنخواہوں کی ادائیگی کا مطالبہ۔

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**اداریہ:**

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**وزیر اعلیٰ بلوچستان کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کی بازگشت، حکومتی تسلسل ہی مسائل کا حل!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان میں صوبائی حکومت نے کبھی اپنی مدت پوری نہیں کی، ہر نئی حکومت بننے کے چند سال بعد حکومتی جماعت کے اندر اور اتحادیوں کی جانب سے اپنے وزیر اعلیٰ سے ناراضگی کا اظہار کیا جاتا ہے مختلف فورمز پر الزام تراشی کی جاتی ہے کہ وزیر اعلیٰ ہمیں اعتماد میں لئے بغیر اپنی مرضی کے فیصلے مسلط کرتا ہے۔ محکموں کے سیکرٹریز، فنڈز سمیت دیگر معاملات پر تحفظات کا اظہار کرتے ہیں جبکہ یہ بھی گلہ کرتے دکھائی دیتے ہیں کہ انہیں فیصلہ سازی سمیت اختیارات سے محروم رکھا گیا ہے ہم بے اختیار ہیں، منظور نظر وزراء  وارا کین اسمبلی کو نوازا جاتا ہے۔ بلوچستان کے جتنے بھی وزراء  اعلیٰ گزرے ہیں بیشتر پر اسی طرح کے الزامات لگے ہیں جس کا نتیجہ عدم اعتماد کی صورت میں سامنے آیا اور منتخب وزیر اعلیٰ کو فارغ کیا گیا اب ایک بار پھر بلوچستان میں پاکستان پیپلز پارٹی کے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے متعلق ان کی اپنی جماعت کے ارکان اور ایک دو اتحادی اپنے تحفظات کا اظہار کر رہے ہیں، عدم اعتماد کی بازگشت چل رہی ہے جو کہ اتنی موثر دکھائی نہیں دے رہی۔ پیپلز پارٹی کے ایک صوبائی وزیر اور ایک پارلیمانی سیکرٹری نے کھل کر وزیر اعلیٰ کے خلاف تحفظات کا اظہار کیا ہے جبکہ مسلم لیگ (ن) کے ایک رکن اسمبلی نے بھی واضح کیا ہے کہ اگر وزیر اعلیٰ کے خلاف تحریک عدم اعتماد آتی ہے تو وہ اس کی حمایت کریں گے۔ پیپلز پارٹی کے دو ارا کین اسمبلی کا الزام ہے کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی پالیسیوں نے پیپلز پارٹی کا بیڑا غرق کر دیا ہے اور کسی کارکن یا رہنما کے کام نہیں ہو رہے۔ ان کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ ن لیگ کو باور کراتے ہیں کہ وہ ان کے وزیر اعلیٰ ہیں جبکہ پیپلز پارٹی کے ساتھ خود کو ان کا وزیر اعلیٰ قرار دیتے ہیں جو ان کے بقول دوغلے پن کی واضح مثال ہے۔

**اداریے:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**سیکورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن 18 دہشت گرد ہلاک**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Gwadars water isue" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بلوچستان دہشت گردوں کے نشانے پر**" کے عنوان سے محمد قیصر چوہان کا مضمون تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 03 OCT 2025 Page No. 1


بلوچستان واٹر اینڈ سینیٹیشن پلان کا افتتاح

## حکومت عوام کو موسمیاتی خطرات سے بچائے گی، گورنر مندوخیل

منصوبہ 10 سال کیلئے ایک واضح سمت، خشک سالی، سیلاب اور شدید موسم لوگوں کو زیادہ خطرے میں ڈال رہا ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان واٹر اینڈ سینیٹیشن پلان 35-2025 دراصل ہمیں پورے صوبے میں پانی اور صفائی کے مستقبل کیلئے اگلے 10 سال کیلئے ایک واضح سمت فراہم کرتا ہے۔ پانی اور صفائی زندگی کی بنیادی ضروریات ہیں جن کے بغیر کسی ملک یا قوم کی بقا، وقار اور ترقی ممکن نہیں۔ کوئٹہ میں بھی زیر زمین پانی کی گرتی ہوئی سطح گمبھیر صورتحال اختیار کر چکی ہے۔ یہ منصوبہ محض دستاویزات نہیں بلکہ یہ بلوچستان کے لوگوں سے ایک وعدہ ہے کہ آپ کی حکومت آپ کے مستقبل میں سرمایہ کاری کر یگی اور آپ کو موسمیاتی خطرات سے بچائے گی۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم اپنا بھرپور تعاون کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے ایک مقامی ہوٹل میں "بلوچستان کا واٹر اینڈ سینیٹیشن پلان 35-2025 کا آغاز کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران، چیف فیلڈ آفیسر یونیسیف ڈاکٹر مریم درویش سید، صوبائی سیکرٹریز ہاشم خان غلزئی، عبدالروف بلوچ اور اکبر علی بلوچ سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد شریک تھے۔ گورنر نے کہا کہ یہ دس سالہ واٹر اینڈ سینیٹیشن منصوبہ ہمیں مضبوط انفراسٹرکچر کی تعمیر، اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے، کمیونٹیز کو شامل کرنے اور نئی شراکتیں لانے کا منصوبہ مرتب کرتا ہے۔



گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے امان اللہ کنرانی ملاقات کر رہے ہیں




کوئٹہ : گورنر جعفر مندوخیل واٹر اینڈ سینیٹیشن پلان کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں


MASHRIQ QUETTA


## پانی و صفائی بنیادی ضروریات، انکے بغیر کسی ملک یا قوم کی بقا ممکن نہیں، گورنر

بلوچستان واٹر اینڈ سینیٹیشن پلان دراصل ہمیں پورے صوبے میں پانی وصفائی کے مستقبل کیلئے ایک واضح سمت فراہم کرتا ہے، جعفر خان مندوخیل

یہ منصوبہ محض دستاویزات نہیں بلوچستان کے لوگوں سے ایک وعدہ کہ آپ کی حکومت آپ کے مستقبل کیلئے سرمایہ کاری کریگی، منصوبہ افتتاح کے موقع پر خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان واٹر اینڈ سینیٹیشن پلان 35-2025، دراصل ہمیں پورے صوبے میں پانی اور صفائی کے مستقبل کیلئے اگلے 10 سالوں کیلئے ایک واضح سمت فراہم کرتا ہے۔ پانی اور صفائی زندگی کی بنیادی ضروریات ہیں جن کے بغیر کسی ملک یا قوم کی بقا، وقار اور ترقی ممکن نہیں کوئٹہ میں بھی زیر زمین پانی کی گرتی ہوئی سطح گمبھیر صورتحال اختیار کر چکی ہے. یہ منصوبہ محض دستاویزات نہیں بلکہ یہ بلوچستان کے لوگوں سے ایک وعدہ ہے کہ آپ کی حکومت آپ کے مستقبل میں سرمایہ کا......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر



گورنر جعفر خان مندوخیل واٹر سینیٹیشن پلان 35-2025 کے شاندار منصوبے کے افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ری کر یگی اور آپ کو موسمیاتی خطرات سے بچائے گی حکومت بلوچستان کی جانب سے میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم اپنا بھرپور تعاون کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے ایک مقامی ہوٹل میں "بلوچستان کا واٹر ینڈ سینیٹیشن پلان 35-2025 کا آغاز کرتے ہوئے کیا. اس موقع پر صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران، چیف فیلڈ آفیسر یونیسیف ڈاکٹر مریم درویش سید، صوبائی سیکرٹریز ہاشم خان غلزئی، عبدالروف بلوچ اور اکبر علی بلوچ سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد شریک تھے. اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ یہ دس سالہ واٹر اینڈ سینیٹیشن منصوبہ ہمیں مضبوط انفراسٹرکچر کی تعمیر، اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے، کمیونٹیز کو شامل کرنے اور نئی شراکتیں لانے کا منصوبہ مرتب کرتا ہے۔ آج سے شروع کیے گئے معاون فریم ورک ہمیں موسمیاتی خطرات کو سمجھنے، اچھے طریقوں کو فروغ دینے اور سروس فراہم کرنے والے بنانے میں مدد کرتے ہیں گورنر مندوخیل نے کہا کہ یہ بلوچستان میں صاف پانی اور محفوظ صفائی ستھرائی تک رسائی ہمیشہ مشکل رہی ہے۔ ہمارے بڑے فاصلے، بکھری ہوئی آبادی اور کمزور انفراسٹرکچر ہر خاندان کو یہ خدمات فراہم کرنا مشکل بنا دیتا ہے۔ یہ بھی خوشی کی بات ہے کہ اس عظیم الشان منصوبے میں کلائمیٹ رسک پروفائلز، واش ایڈاپٹیشن اینڈ میٹیگیشن فریم ورک، سوشل موبلائزیشن اسٹریٹجی اور نظرثانی شدہ سینیٹیشن پالیسی اسٹریٹجی فریم ورکس شامل ہیں۔ صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران اور دیگر تمام متعلقہ محکموں کی کاوشیں لائق تحسین ہیں. گورنر نے کہا کہ غربت اور وسائل کی کمی ان مسائل میں اضافہ کرتی ہے اور موسمیاتی تبدیلی صورتحال کو مزید سنگین بنا دیتی ہے خشک سالی، سیلاب اور دیگر شدید موسم ہمارے لوگوں اور ہماری خدمات کو زیادہ خطرے میں ڈال رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کا لانچنگ پلان ہمیں آگے کا راستہ دکھاتا ہے۔ یہ مضبوط انفراسٹرکچر کی تعمیر، ہمارے اداروں کو بہتر بنانے، کمیونٹیز کو شامل کرنے اور نئی شراکتیں لانے کا منصوبہ مرتب کرتا ہے۔ آج شروع کیے گئے معاون فریم ورک ہمیں موسمیاتی خطرات کو سمجھنے، اچھے طریقوں کو فروغ دینے اور سروس فراہم کرنے والے بنانے میں مدد کرتے ہیں۔ میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ، پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ اور دیگر متعلقہ اداروں کی کوششوں کو سراہتا ہوں میں خاص طور پر یونیسیف کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ان کے مضبوط اور مسلسل تعاون پر۔ آیئے ہم اس بات کو یقینی بنانے کیلئے ایک دوسرے کے ہاتھ تھامیں کہ ہر شہری کو صاف پانی، صفائی ستھرائی اور موسمیاتی تبدیلیوں کے خلاف لچک حاصل ہو۔ آخر میں گورنر بلوچستان نے دس سالہ واٹر اینڈ سینیٹیشن منصوبے کی افتتاحی تقریب کے مہمانوں گرامی اور منتظمین میں شیلڈز تقسیم کیے گئے۔

CLIP[illegible]

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITA[illegible]

نظامت اعلیٰ تع[illegible]
حکومت بلو[illegible]

Bullet No. 1

Page No. 2


THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 54 جمعۃ المبارک 9 ربیع الثانی 1447ھ 3 / اکتوبر 2025ء نمبر 270


# کرپشن کے ناسور کا خاتمہ کئے بغیر بلوچستان ترقی نہیں کرسکتا

وزیر اعلیٰ بگٹی

افسران دیانتداری کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں، خطاب، زکوٰۃ کے نظام کو ڈیجیٹلائزڈ، تقسیم میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کرپشن بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ ہے اور اس ناسور کا تدارک کئے بغیر صوبے میں گورننس اور ترقی کے اہداف حاصل نہیں کئے جا سکتے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن (نیپا) کوئٹہ کے دورہ کے موقع پر زیر تربیت افسران سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر نیپا کوئٹہ میں شہداء کے نام سے منسوب ہاسٹل اور آڈیٹوریم کی تعمیر کا اعلان بھی کیا اور کہا کہ یہ اقدام شہداء کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے اور افسران کی تربیت کے عمل کو بہتر بنانے کی جانب عملی قدم ہوگا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ افسران اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر عوامی خدمت کو شعار بنائیں۔ سردی میں ٹھٹھرتے اور گرمی میں جھلستے عام آدمی کی خدمت ہی اصل کارکردگی ہے، انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ افسران کو بدعنوانی کے خاتمے اور عام آدمی کے مسائل کے حل کا تہیہ کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ کرپشن دہشت گردی سے بڑا چیلنج ہے اور اس کا خاتمہ قومی استحکام کے لئے ناگزیر ہے وزیر اعلیٰ نے آئین کے آرٹیکل 5 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ ہر شہری کو ریاست سے غیر مشروط وفاداری کا درس دیتا ہے، لہٰذا ہر شعبہ زندگی میں ہمیں دیانتداری اور ایمانداری کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان سے متعلق زمینی حقائق اور دنیا کے سامنے پیش کردہ بیرونی تصور میں واضح فرق ہے انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی کو نام نہاد آزادی کی تحریکوں کی بنیادی وجہ قرار دینا درست نہیں کیونکہ یہ مسئلہ صرف بلوچستان کا نہیں بلکہ دنیا کے کئی ممالک کو درپیش ہے۔ غیر متوازن ترقی دہشت گردی کو سہارا ضرور دیتی ہے لیکن یہ اس کی اصل بنیاد نہیں، انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ محض فوج یا دہشت گردوں کی نہیں بلکہ یہ پوری قوم کی مشترکہ جنگ ہے یہ ریاست کے خلاف ایک منظم اور واضح جنگ ہے جس کا مقابلہ ہمیں یکسوئی، عزم اور واضح وژن کے ساتھ کرنا ہوگا۔

## حکومت بلوچستان اور ہارلے ہیلتھ کیئر کے مابین میڈیکل کالج کے قیام کا معاہدہ

اہم پیشرفت ہے، بلوچستان کے طلبہ کو عالمی معیار کی تعلیم مقامی سطح پر میسر آئیگی، وزیر اعلیٰ بگٹی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں معیاری طبی تعلیم کے فروغ کے لئے حکومت بلوچستان اور ہارلے ہیلتھ کیئر سروسز کے مابین معاہدہ طے پا گیا معاہدے کے تحت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے صوبے کا پہلا میڈیکل، ڈینٹل اور نرسنگ کالج قائم کیا جائے گا جو بلوچستان میں معیاری اور اعلیٰ سطح کی طبی تعلیم کے نئے دور کا آغاز ثابت ہوگا وزیر اعلیٰ بلوچستان کو دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس کالج کے تحت ہر سال 100 طالب علموں کو میڈیکل، ڈینٹل، نرسنگ اور الائیڈ سائنسز کی تعلیم فراہم کی جائے گی جس میں ہر سال 16 ہونہار طالب علموں کو مکمل اسکالرشپ بھی دی جائے گی مرحلہ وار اس منصوبے کو وسعت دے کر تعلیمی اہداف 600 طالب علموں تک بڑھائے جائیں گے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس منصوبے کو صوبے میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت طبی تعلیم کے فروغ میں سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ صوبے کے نوجوانوں کو عالمی معیار کی طبی تعلیم دے کر مستقبل کے ڈاکٹرز اور نرسز تیار ہوں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے طلبہ کو اب بیرون ملک معیار کی تعلیم مقامی سطح پر میسر آئے گی جس سے صوبے کے ہر طبقے کے طلبہ کو فائدہ پہنچے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبے کے دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والے ہونہار طلبہ بھی اس منصوبے سے مستفید ہوں گے اور یہ اقدام صوبے میں ہیلتھ کیئر نظام کو مضبوط بنانے میں عملی پیش رفت ثابت ہوگا انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں اصلاحات و ترقی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات ہیں، ایم او یو کی دستاویزات پر سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن صالح محمد بلوچ اور ہارلے ہیلتھ کیئر سروسز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر اظہر اسلم نے دستخط کئے اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے سربراہ ڈاکٹر فیصل خان اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ بھی شریک تھے۔

## وزیر اعلیٰ کا نیپا میں جدید آڈیٹوریم اور ہاسٹل کی تعمیر کا اعلان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن (نیپا) کوئٹہ میں ایک بڑا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ادارے میں جدید سہولیات سے آراستہ آڈیٹوریم اور ہاسٹل تعمیر کیے جائیں گے انہوں نے واضح کیا کہ آڈیٹوریم کو شہید منصور کاکڑ اور ہاسٹل کو شہید پروفیسر مظفر حسین جمالی کے نام سے منسوب کیا جائے گا تاکہ ان کی گراں قدر خدمات اور قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جا سکے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ نیپا جیسے اہم اداروں کی ترقی اور جدید سہولیات کی فراہمی نہ صرف افسران کی استعداد کار میں اضافے کا سبب بنے گی بلکہ نوجوانوں کے لیے بھی ایک عملی مثال قائم کرے گی۔



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی حکومت بلوچستان اور ہارلے ہیلتھ کیئر سروسز کے مابین معاہدہ پر دستخط کی تقریب میں شریک ہیں

CamScanner

CLIPPIN[G]

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ ...
حکومت ...

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جلد 54 | جمعہ 09 ربیع الثانی 1447ھ 03 اکتوبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 88

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. Mashriqqta2008@gmail | PTCL 081-2827345 081-282734 | قیمت 35 روپے

Da[te]

Bullet No. 1 Page No. 3

# کرپشن کا خاتمہ قومی استحکام کیلئے ناگزیر، دہشتگردی کیخلاف جنگ پوری قوم کو مل کر لڑنا ہوگی، وزیراعلیٰ

غیر متوازن ترقی کو نام نہاد آزادی کی تحریکوں کی بنیادی وجہ قرار دینا درست نہیں یہ مسئلہ صرف بلوچستان نہیں دنیا کے کئی ممالک کو درپیش ہے، ریاست سب سے مقدم حکومت ہر سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کرے گی

کرپشن کے ناسور کا تدارک کئے بغیر صوبے میں گورننس اور ترقی کے اہداف حاصل نہیں کئے جاسکتے، ہر شعبہ زندگی میں ہمیں دیانتداری اور ایمانداری کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا، زیر تربیت افسران سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کرپشن بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ ہے اور اس ناسور کا تدارک کئے بغیر صوبے میں گورننس اور ترقی کے اہداف حاصل نہیں کئے جاسکتے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن (نیپا) کوئٹہ کے دورہ کے موقع پر زیر تربیت افسران سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ نے اس موقع پر نیپا کوئٹہ میں شہدا کے نام سے......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

منسوب ہاسٹل اور آڈیٹوریم کی تعمیر کا اعلان بھی کیا اور کہا کہ یہ اقدام شہدا کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے اور افسران کی تربیت کے عمل کو بہتر بنانے کی جانب ایک عملی قدم ہوگا وزیراعلیٰ نے کہا کہ افسران اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر عوامی خدمت کو شعار بنائیں۔ "سردی میں ٹھٹھرتے اور گرمی میں جھلستے عام آدمی کی خدمت ہی اصل کارکردگی ہے،" انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ افسران کو بدعنوانی کے خاتمے اور عام آدمی کے مسائل کے حل کا تہیہ کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ کرپشن دہشت گردی سے بڑا چیلنج ہے اور اس کا خاتمہ قومی استحکام کے لئے ناگزیر ہے وزیراعلیٰ نے آئین کے آرٹیکل 5 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ ہر شہری کو ریاست سے غیر مشروط وفاداری کا درس دیتا ہے، لہٰذا ہر شعبہ زندگی میں ہمیں دیانتداری اور ایمانداری کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان سے متعلق زمینی حقائق اور دنیا کے سامنے پیش کردہ بیرونی تصور میں واضح فرق ہے انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی کو نام نہاد آزادی کی تحریکوں کی بنیادی وجہ قرار دینا درست نہیں کیونکہ یہ مسئلہ صرف بلوچستان کا نہیں بلکہ دنیا کے کئی ممالک کو درپیش ہے۔ "غیر متوازن ترقی دہشت گردی کو سہارا ضرور دیتی ہے لیکن یہ اس کی اصل بنیاد نہیں، انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ محض فوج یا دہشت گردوں کی نہیں بلکہ یہ پوری قوم کی مشترکہ جنگ ہے یہ ریاست کے خلاف ایک منظم اور واضح جنگ ہے جس کا مقابلہ ہمیں یکسوئی، عزم اور واضح وژن کے ساتھ کرنا ہوگا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں مسنگ پرسن کے ایشو کو ریاست مخالف عناصر ایک پروپیگنڈا ٹول کے طور پر استعمال کر رہے ہیں دشمن کی سازشوں کو صرف قومی یکجہتی اور باہمی اعتماد کے ذریعے ناکام بنایا جا سکتا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ریاست سب سے مقدم ہے اور حکومت ہر سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کرے گی انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ ایمانداری، خلوص اور عزم کے ساتھ عوامی خدمت کریں تاکہ ایک خوشحال اور مستحکم بلوچستان کی بنیاد رکھی جا سکے تقریب کے اختتام پر وزیراعلیٰ نے تربیت مکمل کرنے والے افسران میں سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کئے جبکہ انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن میں یادگاری پودا بھی لگایا۔

# تعلیم و صحت کے شعبوں میں اصلاحات اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت صوبے کا پہلا میڈیکل، ڈینٹل اور نرسنگ کالج قائم کیا جائیگا، ہر سال سو طلبا کو داخلہ دینگے

طلبہ کو عالمی معیار کی تعلیم مقامی سطح پر میسر آئے گی، میر سرفراز بگٹی، حکومت و ہارلے ہیلتھ کیئر سروسز کے مابین ایم او یو پر دستخط

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں معیاری طبی تعلیم کے فروغ کے لئے حکومت بلوچستان اور ہارلے ہیلتھ کیئر سروسز کے مابین معاہدہ طے پا گیا۔ معاہدے کے تحت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے صوبے کا پہلا میڈیکل، ڈینٹل اور نرسنگ کالج قائم کیا جائے گا جو بلوچستان میں معیاری اور اعلیٰ سطح کی طبی تعلیم کے نئے دور کا آغاز ثابت ہوگا وزیراعلیٰ بلوچستان کو دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس کالج کے تحت ہر سال 100 طالب علموں کو میڈیکل، ڈینٹل، نرسنگ اور الائیڈ سائنسز کی تعلیم فراہم کی جائے گی جس میں ہر سال 16 ہونہار طالب علموں کو مکمل اسکا......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

لرشپ بھی دی جائے گی مرحلہ وار اس منصوبے کو وسعت دے کر تعلیمی اہداف 600 طالب علموں تک بڑھائے جائیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس منصوبے کو صوبے میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت طبی تعلیم کے فروغ میں سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ صوبے کے نوجوانوں کو عالمی معیار کی طبی تعلیم دے کر مستقبل کے ڈاکٹرز اور نرسز تیار ہوں گے کہ بلوچستان کے طلبہ کو اب عالمی معیار کی تعلیم مقامی سطح پر میسر آئے گی جس سے صوبے کے ہر طبقے کے طلبہ کو فائدہ پہنچے گا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبے کے دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والے ہونہار طلبہ بھی اس منصوبے سے مستفید ہوں گے اور یہ اقدام صوبے میں ہیلتھ کیئر نظام کو مضبوط بنانے میں عملی پیش رفت ثابت ہوگا انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں اصلاحات و ترقی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات ہیں، ایم او یو کی دستاویزات پر سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن صالح محمد بلوچ اور ہارلے ہیلتھ کیئر سروسز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر اظہر اسلم نے دستخط کئے اس موقع پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے سربراہ ڈاکٹر فیصل خان اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ بھی موجود تھے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن کوئٹہ میں زیر تربیت افسران سے خطاب کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا تربیت مکمل کرنیوالے افسران کے ہمراہ گروپ

CamScanner

CLIP
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSIT
نظامت اعلیٰ
حکومت
Bullet No. 1
Page No. 4

روزنامہ ایکسپریس
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جمعۃ المبارک، 9 ربیع الثانی، 3 اکتوبر 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے | جلد 23 نمبر 289

# کرپشن بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ، اس کا خاتمہ ضروری، سرفراز بگٹی

## گڈ گورننس کے لیے بدعنوانی کو ختم کرنا اور افسران کو عام آدمی کے مسائل حل کرنے کا تہیہ کرنا ہوگا، وزیر اعلیٰ

### آئین ہر شہری کو ریاست سے غیر مشروط وفاداری کا درس دیتا ہے، زکوٰۃ کی تقسیم میں شفافیت ضروری ہے، خطاب

کوئٹہ (بی این) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کرپشن بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ ہے اور اس ناسور کا تدارک کیے بغیر صوبے میں گڈ گورننس اور ترقی کے اہداف (باقی صفحہ 5 نمبر 7)

کوئٹہ (بی این) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ زکوٰۃ و (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

حاصل نہیں کیے جا سکتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن (نیپا) کوئٹہ کے دورے کے موقع پر زیر تربیت افسران سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر نیپا کوئٹہ میں شہداء کے نام سے منسوب ہال اور آڈیٹوریم کی تختی کا افتتاح بھی کیا اور کہا کہ یہ اقدام شہداء کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے اور افسران کی تربیت کے عمل کو بہتر بنانے کی جانب ایک عملی قدم ہوگا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ افسران اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر عوامی خدمت کو شعار بنائیں۔ سردی میں ٹھٹھرتے اور گرمی میں جھلستے عام آدمی کی خدمت ہی اصل کارکردگی ہے۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ افسران کو بدعنوانی کے خاتمے اور عام آدمی کے مسائل کے حل کا تہیہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن دہشت گردی سے بڑا چیلنج ہے اور اس کا خاتمہ قومی استحکام کے لیے ناگزیر ہے۔ وزیر اعلیٰ نے آئین کے آرٹیکل 5 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ ہر شہری کو ریاست سے غیر مشروط وفاداری کا درس دیتا ہے۔ بالخصوص ہر شعبہ زندگی میں ہمیں دیانتداری اور ایمانداری کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان سے متعلق زمینی حقائق اور دنیا کے سامنے پیش کردہ بیانیے میں واضح فرق ہے۔ انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی کو نام نہاد آزادی کی تحریکوں کی بنیادی وجہ قرار دینا درست نہیں کیونکہ یہ مسئلہ صرف بلوچستان کا نہیں بلکہ دنیا کے کئی ممالک کو درپیش ہے۔ غیر متوازن ترقی دہشت گردی کو سہارا ضرور دیتی ہے لیکن یہ اس کی اصل بنیاد نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ محض فوج یا دہشت گردوں کی نہیں بلکہ یہ پوری قوم کی مشترکہ جنگ ہے۔ یہ ریاست کے خلاف ایک منظم اور واضح جنگ ہے جس کا مقابلہ ہمیں یکسوئی، عزم اور واضح وژن کے ساتھ کرنا ہوگا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں مسنگ پرسن کے ایشو کو ریاست مخالف عناصر ایک پروپیگنڈا ٹول کے طور پر استعمال کر رہے ہیں۔ دشمن کی سازشوں کو صرف قومی یکجہتی اور باہمی اعتماد کے ذریعے ناکام بنایا جا سکتا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ریاست سب سے مقدم ہے اور حکومت ہر سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کرے گی۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ ایمانداری، خلوص اور عزم کے ساتھ عوامی خدمت کریں تاکہ ایک خوشحال اور مستحکم بلوچستان کی بنیاد رکھی جا سکے۔ تقریب کے اختتام پر وزیر اعلیٰ نے تربیت مکمل کرنے والے افسران میں سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیے اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن میں یادگاری پودا بھی لگایا۔

اوقاف کی تنظیم نو سے متعلق اجلاس جمعرات کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں صوبے میں زکوٰۃ کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور مستحقین تک شفاف انداز میں رقوم کی ترسیل یقینی بنانے کے لیے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں بلوچستان بھر میں زکوٰۃ کے نظام کو ڈیجیٹائز کرنے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ مستحقین کو براہ راست ان کے بینک اکاؤنٹس کے ذریعے زکوٰۃ کی رقوم منتقل کی جا سکیں۔ اس حوالے سے اتفاق رائے کیا گیا کہ زکوٰۃ کی تقسیم میں شفافیت، میرٹ اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال یقینی بنایا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ زکوٰۃ کے فنڈز مستحقین تک موثر انداز میں پہنچانے کے لیے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی معاونت حاصل کی جائے گی، جبکہ مستحق افراد کی درست شناخت کے لیے نادرا اور جدید ڈیجیٹل سسٹم استعمال ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس نظام سے کرپشن، بدعنوانی اور بے ضابطگیوں کا خاتمہ ہوگا اور عوام کا اعتماد بحال ہوگا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ زکوٰۃ فنڈز کے موثر اور منصفانہ استعمال سے معاشرتی انصاف کو فروغ ملے گا اور حقیقی مستحقین براہ راست مستفید ہوں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ حکومت کی اولین ترجیح شفافیت اور میرٹ پر مبنی نظام کی تشکیل ہے تاکہ صوبے کے غریب اور نادار طبقے کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس میں صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری برائے زکوٰۃ محترمہ شہناز عمرانی، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری زکوٰۃ و اوقاف محمد اسحاق جمالی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون نے شرکت کی۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزراء و اعلیٰ حکام بلوچستان حکومت اور بارسے ہیلتھ کیئر سروسز کے مابین میڈیکل، ڈینٹل اینڈ نرسنگ کالج کے قیام کیلئے طے پانے والے معاہدے کی دستاویزات پر دستخط کی تقریب میں شریک ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن کوئٹہ میں زیر تربیت افسران سے خطاب کر رہے ہیں

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل 4-1

قیمت 30 روپے ★ صفحات 6

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 جمعہ 03 اکتوبر 2025ء بمطابق 9 ربیع الثانی 1447ھ شمارہ نمبر 270


زکوٰۃ کا نظام ڈیجیٹلائزڈ کرنے کا فیصلہ

# ریاست کے خلاف جنگ کا مقابلہ یکسوئی کے ساتھ کیا جائیگا، وزیر اعلیٰ

کرپشن ختم کئے بغیر ترقی کے اہداف حاصل نہیں ہونگے، نیپا میں تقریب سے خطاب، حکومت بلوچستان اور ہارلے ہیلتھ کیئر سرومز کے مابین معاہدہ

مستحقین زکوٰۃ کو شفاف انداز میں رقوم کی ترسیل یقینی بنائی جائے، خطاب، تعلیم وصحت کے شعبوں میں اصلاحات وترقی ترجیح ہے، سرفراز بگٹی



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی محکمہ زکوٰۃ و اوقاف کی تنظیم نو سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کرپشن بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ ہے اور اس ناسور کا تدارک کئے بغیر صوبے میں گورننس اور ترقی کے اہداف حاصل نہیں

بقیہ نمبر 67 صفحہ 5 پر

کئے جاسکتے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن کوئٹہ کے دورہ کے موقع پر زیر تربیت افسران سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر نیپا کوئٹہ میں شہداء کے نام سے منسوب ہاسٹل اور آڈیٹوریم کی تعمیر کا اعلان بھی کیا اور کہا کہ یہ اقدام شہداء کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے اور افسران کی تربیت کے عمل کو بہتر بنانے کی جانب ایک عملی قدم ہوگا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ افسران اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر عوامی خدمت کو شعار بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ محض فوج یا دہشت گردوں کی نہیں بلکہ یہ پوری قوم کی مشترکہ جنگ ہے یہ ریاست کے خلاف ایک منظم اور واضح جنگ ہے جس کا مقابلہ ہمیں یکسوئی، عزم اور واضح وژن کے ساتھ کرنا ہوگا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں مسنگ پرسن کے ایشو کو ریاست مخالف عناصر پروپیگنڈا ٹول کے طور پر استعمال کر رہے ہیں دشمن کی سازشوں کو صرف قومی یکجہتی اور باہمی اعتماد کے ذریعے ناکام بنایا جاسکتا ہے۔

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ زکوٰۃ و اوقاف کی تنظیم نو سے متعلق اجلاس ہوا جس میں صوبے

بقیہ نمبر 68 صفحہ 5 پر

میں زکوٰۃ کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور مستحقین تک شفاف انداز میں رقوم کی ترسیل یقینی بنانے کے لئے اہم فیصلے کئے گئے، اجلاس میں بلوچستان بھر میں زکوٰۃ کے نظام کو ڈیجیٹلائزڈ کرنے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ مستحقین کو براہ راست ان کے ڈیجیٹل اکاؤنٹس کے ذریعے زکوٰۃ کی رقوم منتقل کی جاسکیں اس حوالے سے اتفاق رائے کیا گیا کہ زکوٰۃ کی تقسیم میں شفافیت، میرٹ اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال یقینی بنایا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر کہا کہ زکوٰۃ کے فنڈز مستحقین تک موثر انداز میں پہنچانے کے لئے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی معاونت حاصل کی جائے گی جبکہ مستحق افراد کی درست شناخت کے لئے نادرا ڈیٹا اور جدید ڈیجیٹل سسٹم استعمال ہوں گے، اجلاس میں صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری برائے زکوٰۃ شہناز عمرانی، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری زکوٰۃ و اوقاف محمد اسحاق جمالی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون نے شرکت کی۔ دریں اثناء بلوچستان میں معیاری طبی تعلیم کے فروغ کے لئے حکومت بلوچستان اور ہارلے ہیلتھ کیئر سرومز کے مابین معاہدہ طے پا گیا۔ معاہدے کے تحت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے صوبے کا پہلا میڈیکل، ڈینٹل اور نرسنگ کالج قائم کیا جائے گا جو بلوچستان میں معیاری اور اعلیٰ سطح کی طبی تعلیم کے نئے دور کا آغاز ثابت ہوگا، وزیر اعلیٰ کو دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس کالج کے تحت ہر سال 100 طالب علموں کو میڈیکل، ڈینٹل، نرسنگ اور الائیڈ سائنسز کی تعلیم فراہم کی جائے گی جس میں ہر سال 16 ہونہار طالب علموں کو مکمل اسکالرشپ بھی دی جائے گی مرحلہ وار اس منصوبے کو وسعت دے کر تعلیمی اہداف 600 طالب علموں تک بڑھائے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی نے منصوبے کو صوبے میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت طبی تعلیم کے فروغ میں سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ صوبے کے نوجوانوں کو عالمی معیار کی طبی تعلیم دے کر مستقبل کے ڈاکٹرز اور نرسز تیار ہوں گے، انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں اصلاحات و ترقی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات ہیں، ایم او یو کی دستاویزات پر سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن صالح محمد بلوچ اور ہارلے ہیلتھ کیئر سرومز کے چیف ایگزیکٹو افسر ڈاکٹر اکبر اسلم نے دستخط کیے، اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے سربراہ ڈاکٹر فیصل خان اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ بھی شریک تھے۔



کوئٹہ: بلوچستان حکومت اور ہارلے ہیلتھ کیئر سرومز کے مابین معاہدے کی دستاویزات پر دستخط کئے جا رہے ہیں

CamScanner

CLIPP

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے سندھ انشورنس کے چیف ایگزیکٹو فیصل صدیقی ملاقات کررہے ہیں

جلد نمبر-24 | جمعہ 03 اکتوبر 2025ء بمطابق 09 ربیع الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-269

# کرپشن، دہشتگردی سے بڑا چیلنج ہے، بدعنوانی کے خاتمے اور مسائل کے حل کا تہیہ کرنا ہوگا، وزیراعلیٰ بلوچستان

**کرپشن بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ ہے اور اس ناسور کا تدارک کئے بغیر صوبے میں گورننس اور ترقی کے اہداف حاصل نہیں کئے جاسکتے، بلوچستان کے زمینی حقائق اور دنیا کے سامنے پیش کردہ بیرونی تصور میں فرق ہے**

**آئین ہر شہری کو ریاست سے غیر مشروط وفاداری کا درس دیتا ہے، ہر شعبہ میں ہمیں دیانتداری اور ایمانداری کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا، غیر متوازن ترقی کو نام نہاد آزادی کی تحریکوں کی بنیادی وجہ قرار دینا درست نہیں**

**دہشت گردی کے خلاف جنگ محض فوج یا دہشت گردوں کی نہیں بلکہ یہ پوری قوم کی مشترکہ جنگ ہے یہ ریاست کے خلاف ایک منظم اور واضح جنگ ہے جس کا مقابلہ ہمیں یکسوئی، عزم اور واضح وژن کے ساتھ کرنا ہوگا، زیر تربیت افسران سے خطاب**

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کرپشن بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ ہے اور اس ناسور کا تدارک کئے بغیر صوبے میں گورننس اور ترقی کے اہداف حاصل نہیں کئے جاسکتے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن (نیپا) کوئٹہ کے دورہ کے موقع پر زیر تربیت افسران سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ نے اس موقع پر نیپا کوئٹہ میں شہداء کے نام سے منسوب ہاسٹل اور آڈیٹوریم کی تعمیر کا اعلان بھی کیا اور کہا کہ یہ اقدام شہداء (بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 2 پر)

کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے اور افسران کی تربیت کے عمل کو بہتر بنانے کی جانب ایک عملی قدم ہوگا وزیراعلیٰ نے کہا کہ افسران اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر عوامی خدمت کو شعار بنائیں۔ سردی میں ٹھٹھرتے اور گرمی میں جھلستے عام آدمی کی خدمت ہی اصل کارکردگی ہے، انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ افسران کو بدعنوانی کے خاتمے اور عام آدمی کے مسائل کے حل کا تہیہ کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ کرپشن دہشت گردی سے بڑا چیلنج ہے اور اس کا خاتمہ قومی استحکام کے لئے ناگزیر ہے وزیراعلیٰ نے آئین کے آرٹیکل 5 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ ہر شہری کو ریاست سے غیر مشروط وفاداری کا درس دیتا ہے، لہٰذا ہر شعبہ زندگی میں ہمیں دیانتداری اور ایمانداری کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان سے متعلق زمینی حقائق اور دنیا کے سامنے پیش کردہ بیرونی تصور میں واضح فرق ہے انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی کو نام نہاد آزادی کی تحریکوں کی بنیادی وجہ قرار دینا درست نہیں کیونکہ یہ مسئلہ صرف بلوچستان کا نہیں بلکہ دنیا کے کئی ممالک کو درپیش ہے۔ غیر متوازن ترقی دہشت گردی کو سہارا ضرور دیتی ہے لیکن یہ اس کی اصل بنیاد نہیں، انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ محض فوج یا دہشت گردوں کی نہیں بلکہ یہ پوری قوم کی مشترکہ جنگ ہے یہ ریاست کے خلاف ایک منظم اور واضح جنگ ہے جس کا مقابلہ ہمیں یکسوئی، عزم اور واضح وژن کے ساتھ کرنا ہوگا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں مسنگ پرسن کے ایشو کو ریاست مخالف عناصر ایک پروپیگنڈا ٹول کے طور پر استعمال کررہے ہیں

## زکوٰۃ کی شفاف تقسیم کیلئے بی آئی ایس پی سے معاونت حاصل کرینگے، وزیراعلیٰ

**مستحقین کو زیادہ ریلیف فراہمی کیلئے شفافیت اور میرٹ پر مبنی نظام تشکیل دیں گے**

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ زکوٰۃ و اوقاف کی تنظیم نو سے متعلق اجلاس جمعرات کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد (بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 2 پر)

ہوا جس میں صوبے میں زکوٰۃ کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور مستحقین تک شفاف انداز میں رقوم کی ترسیل یقینی بنانے کے لیے اہم فیصلے کیے گئے اجلاس میں بلوچستان بھر میں زکوٰۃ کے نظام کو ڈیجیٹلائزڈ کرنے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ مستحقین کو براہ راست ان کے ڈیجیٹل اکاؤنٹس کے ذریعے زکوٰۃ کی رقوم منتقل کی جاسکیں اس حوالے سے اتفاق رائے کیا گیا کہ زکوٰۃ کی تقسیم میں شفافیت، میرٹ اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال یقینی بنایا جائے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ زکوٰۃ کے فنڈز مستحقین تک مؤثر انداز میں پہنچانے کے لیے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی معاونت حاصل کی جائے گی، جبکہ مستحق افراد کی درست شناخت کے لیے نادرا ڈیٹا اور جدید ڈیجیٹل سسٹم استعمال ہوں گے انہوں نے کہا کہ اس نظام سے کرپشن، بدعنوانی اور بے ضابطگیوں کا خاتمہ ہوگا اور عوام کا اعتماد بحال ہوگا وزیراعلیٰ نے کہا کہ زکوٰۃ فنڈز کے مؤثر اور منصفانہ استعمال سے معاشرتی انصاف کو فروغ ملے گا اور حقیقی مستحقین براہ راست مستفید ہوں گے انہوں نے واضح کیا کہ حکومت کی اولین ترجیح شفافیت اور میرٹ پر مبنی نظام کی تشکیل ہے تاکہ صوبے کے غریب اور نادار طبقے کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جاسکے اجلاس میں صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری برائے زکوٰۃ محترمہ شہناز عمرانی، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری زکوٰۃ و اوقاف محمد اسحاق جمالی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون نے شرکت کی۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی حکومت اور پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے مابین معاہدے کی دستاویزات پر دستخط کی تقریب میں شریک ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن میں زیر تربیت افسران سے خطاب کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جمعہ 03۔ اکتوبر 2025ء بمطابق 09 ربیع الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 269 | جلد 29

# بلوچستان میں زکوٰۃ نظام کی ڈیجیٹلائزیشن کا فیصلہ شفافیت اور میرٹ پر مبنی نظام کی تشکیل اولین ترجیح ہے، وزیر اعلیٰ

## زکواۃ فنڈز مستحقین تک پہنچانے کیلئے BISP کی معاونت حاصل کی جائے گی، حقیقی مستحقین براہِ راست مستفید ہوں گے

## مستحق افراد کی درست شناخت کے لیے نادرا ڈیٹا اور جدید ڈیجیٹل سسٹمز استعمال ہوں گے، میر سرفراز بگٹی کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ زکوٰۃ و اوقاف کی تنظیم نو سے متعلق اجلاس جمعرات کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں صوبے میں زکوٰۃ کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور مستحقین تک شفاف انداز میں رقوم کی ترسیل یقینی بنانے کے لیے اہم فیصلے کیے گئے اجلاس میں بلوچستان بھر میں زکوٰۃ کے نظام کو ڈیجیٹلائزڈ کرنے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ مستحقین کو براہِ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 7

راست ان کے ڈیجیٹل اکاؤنٹس کے ذریعے زکوٰۃ کی رقوم منتقل کی جاسکیں اس حوالے سے اتفاق رائے کیا گیا کہ زکوٰۃ کی تقسیم میں شفافیت، میرٹ اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال یقینی بنایا جائے گا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ زکوٰۃ کے فنڈز مستحقین تک موثر انداز میں پہنچانے کے لیے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی معاونت حاصل کی جائے گی، جبکہ مستحق افراد کی درست شناخت کے لیے نادرا ڈیٹا اور جدید ڈیجیٹل سسٹمز استعمال ہوں گے انہوں نے کہا کہ اس نظام سے کرپشن، بدعنوانی اور بے ضابطگیوں کا خاتمہ ہوگا اور عوام کا اعتماد بحال ہوگا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ زکوٰۃ فنڈز کے موثر اور منصفانہ استعمال سے معاشرتی انصاف کو فروغ ملے گا اور حقیقی مستحقین براہ راست مستفید ہوں گے انہوں نے واضح کیا کہ حکومت کی اولین ترجیح شفافیت اور میرٹ پر مبنی نظام کی تشکیل ہے تاکہ صوبے کے غریب اور نادار طبقے کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے اجلاس میں صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری برائے زکوٰۃ محترمہ شہناز عمرانی، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری زکوٰۃ و اوقاف محمد اسحاق جمالی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون نے شرکت کی۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ زکوٰۃ و اوقاف کی تنظیم نو سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

DIREC
GENERAL
RELATIONS

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 8


DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | جمعہ 3 اکتوبر 2025ء 9 ربیع الثانی 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 270


وزیر اعلیٰ بلوچستان

# افسران کو بدعنوانی کا خاتمہ عام آدمی کے مسائل حل کرنے کا تہیہ کرنا ہوگا

## غیر متوازن ترقی کو نام نہاد آزادی کی تحریکوں کی بنیادی وجہ قرار دینا درست نہیں کیونکہ یہ مسئلہ صرف بلوچستان کا نہیں بلکہ دنیا کے کئی ممالک کو درپیش ہے

## بلوچستان بھر میں زکواۃ کے نظام کو ڈیجیٹلائزڈ کرنے کا فیصلہ، مستحقین کو براہِ راست ڈیجیٹل اکاؤنٹس کے ذریعے زکوٰۃ کی رقوم منتقل کی جائے، میر سرفراز بگٹی کی ہدایت

کوئٹہ (این این آئی، آن لائن، خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کرپشن بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ ہے اور اس ناسور کا تدارک کئے بغیر صوبے میں گورننس اور ترقی کے اہداف حاصل نہیں کئے جا سکتے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن (نیپا) کوئٹہ کے دورہ کے موقع پر زیر تربیت افسران سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر نیپا کوئٹہ میں شہداء کے نام سے منسوب ہاسٹل اور آڈیٹوریم کی تعمیر کا اعلان بھی کیا اور کہا کہ یہ اقدام شہداء کی قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے اور افسران کی تربیت کے عمل کو بہتر بنانے کی جانب ایک عملی قدم ہوگا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ افسران اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر عوامی خدمت کو شعار بنائیں۔ "سردی میں ٹھٹھرتے اور گرمی میں جھلستے عام آدمی کی خدمت ہی اصل کارکردگی ہے،" انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ افسران کو بدعنوانی کے خاتمے اور عام آدمی کے مسائل کے حل کا تہیہ کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ کرپشن دہشت گردی سے بڑا چیلنج ہے اور اس کا خاتمہ قومی استحکام کے لئے ناگزیر ہے وزیر اعلیٰ نے آئین کے آرٹیکل 5 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ ہر شہری کو ریاست سے غیر مشروط وفاداری کا درس دیتا ہے، لہٰذا ہر شعبہ زندگی میں ہمیں دیانتداری اور ایمانداری کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان سے متعلق زمینی حقائق اور دنیا کے سامنے پیش کردہ بیرونی تصور میں واضح فرق ہے انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی کو نام نہاد آزادی کی تحریکوں کی بنیادی وجہ قرار دینا درست نہیں کیونکہ یہ مسئلہ صرف بلوچستان کا نہیں بلکہ دنیا کے کئی ممالک کو درپیش ہے۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ زکوٰۃ اور اوقاف کی تنظیم نو سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزراء و اعلیٰ حکام بلوچستان حکومت اور ہارلے ہیلتھ کیئر سروسز کے مابین میڈیکل، ڈینٹل اینڈ نرسنگ کالج کے قیام کیلئے طے پانے والے معاہدے کی دستاویزات پر دستخط کی تقریب میں شریک ہیں

CamScanner

alochistan Times

EDIA
ROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

.C.6 VOL XLV No. 1237 QUETTA Friday October 03, 2025 / Rabi' al-Thani 09, 1447 Rs:


# Bugti for digitizing Zakat system for transparent fund distribution

## Says corruption is the biggest problem of Balochistan




**Staff Report**


**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Thursday announced a major overhaul of the Zakat and Auqaf Department aimed at digitizing the province's Zakat system.

The initiative seeks to ensure transparent, merit-based distribution of Zakat funds directly to the digital accounts of deserving recipients.

Presiding over the meeting, CM Bugti emphasized the importance of leveraging modern technology to eliminate corruption and irregularities in the Zakat system.

He directed that data from NADRA and support from the Benazir Income Support Program (BISP) be utilized to accurately identify and reach deserving individuals.

"This digital transformation will restore public trust and ensure that Zakat reaches those who truly need it," said Bugti.

"Our priority is to build a system rooted in transparency and merit, offering maximum relief to the poor and vulnerable segments of society."

The meeting focused on a consensus to implement digital mechanisms across Balochistan, reinforcing the government's commitment to social justice and efficient resource allocation.Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has said that corruption is the biggest problem of Balochistan and without addressing this problem, the goals of governance and development in the province cannot be achieved. He expressed these views while addressing officers under training on the occasion of his visit to the National Institute of Public Administration (NIPA) Quetta on Thursday. On this occasion, the Chief Minister also announced the construction of a hostel and auditorium named after the martyrs at NIPA Quetta and said that this initiative will be a practical step towards paying tribute to the sacrifices of the martyrs and improving the training process of officers. The Chief Minister said that officers [illegible] motto by utilizing their skills. "Serving the common man, shivering in the cold and scorching in the heat, is the real performance," he stressed, adding that officers must be determined to eradicate corruption and solve the problems of the common man. He said that corruption is a bigger challenge than terrorism and its eradication is inevitable for national stability. Referring to Article 5 of the Constitution, the Chief Minister said that it teaches every citizen unconditional loyalty to the state, so in every walk of life we have to make honesty and integrity a part of our practical life.Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti said that there is a clear difference between the ground realities regarding Balochistan and the external perception presented to the world. He said that it is not right to call unbalanced development the main reason for the so-called freedom movements because this problem is not only of Balochistan but is faced by many countries of the world [illegible] supports terrorism, but this is not its real basis," he said. The war against terrorism is not just a war of the army or terrorists, but a joint war of the entire nation. It is a systematic and clear war against the state, which we have to fight with unity, determination, and a clear vision. The Chief Minister said that the issue of missing persons in Balochistan is being used by anti-state elements as a propaganda tool. The conspiracies of the enemy can be thwarted only through national unity and mutual trust. Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti said that the state comes first and the government will fight every conspiracy. He urged the officers to serve the public with honesty, sincerity, and determination so that the foundation of a prosperous and stable Balochistan can be laid. At the end of the ceremony, the Chief Minister also distributed certificates to the officers who completed the training, while al

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 | Dated: 03 OCT 2025 | Page No. 16

## حکومت صوبے کی ترقی کیلئے سنجیدہ، جہاں ضرورت ہوگی فنڈز دیئے جائینگے، ظہور بلیدی

**مکران میں کھیلوں کے مقابلے، ڈیم بن رہے ہیں، ہمارے علاقوں میں کچھ نہیں، انجینئر زمرک، اسمبلی میں اظہار خیال**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ حکومت صوبے کی ترقی کیلئے سنجیدہ ہے، جہاں ضرورت ہوگی وہاں فنڈز دیئے جائیں گے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں ارکان کی جانب سے اٹھائے گئے نکات کا جواب دیتے ہوئے کہی۔ قبل ازیں وقفہ سوالات کے دوران جمعیت علماء اسلام کے رکن زابد علی ریکی نے کہا کہ بلوچستان میں کھیلوں کے لئے فنڈز میں واشک کو نظرانداز کیا گیا ہے۔ جمعیت علما اسلام کے رکن ظفر آغا نے کہا کہ پشین اور قلعہ عبداللہ کو بھی یہ فنڈز نہیں دیئے گئے ہیں۔ مشیر کھیل مینا مجید نے کہا کہ سپورٹس کے حوالے سے کیلنڈر بناتے ہیں، صوبے کے تمام علاقوں میں اسپورٹس فیسٹیول منعقد کئے ہیں۔ جن اضلاع میں فیسٹول نہیں ہوئے وہاں بھی آنے والے دنوں میں کرائے جائیں گے۔ عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ مکران میں کھیلوں کے مقابلے ہورہے ہیں ڈیم بن رہے ہیں، ہمارے علاقوں میں کچھ نہیں، ہم پر امن ہیں تو پشتون علاقوں کو نظرانداز کیا جارہا ہے۔

## مسلم لیگ ن بلوچستان کی ترقی کی ضامن ہے، نور محمد دمڑ

**زیارت، ہرنائی اور زرغون غر کی پسماندگی ختم کرینگے، شمولیتی تقریب سے خطاب**

ہرنائی (نامہ نگار) ہرنائی اور زرغون غر کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے 40 گھرانوں کے افراد نے مختلف سیاسی جماعتوں کو خیر باد کہتے ہوئے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ کے کاروان میں عادل کاکڑ کی سربراہی شمولیت کا اعلان کر دیا تقریب سے حاجی نور محمد دمڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) ہی وہ جماعت ہے جو عوامی مسائل کے حل اور بلوچستان کی ترقی کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی شمولیت اور اعتماد ہماری اصل طاقت ہے اور ہم مل کر زیارت، ہرنائی اور زرغون غر سمیت پورے بلوچستان کی پسماندگی ختم کریں گے حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی پالیسی عوامی خدمت اور عملی اقدامات پر مبنی ہے، اور پارٹی قیادت بلوچستان کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات اٹھارہی ہے۔

## واٹر اینڈ سینی ٹیشن پلان صاف پانی کی فراہمی میں سنگ میل ہوگا، سردار کھیتران

**حکومت جامع حکمت عملی کے ذریعے کمیونٹی اور ترقیاتی شراکت داروں کو منصوبے میں شامل کررہی ہے**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، لوکل گورنمنٹ، ماحولیاتی تبدیلی اور یونیسیف کے اشتراک سے "بلوچستان سی آر واٹر، سینی ٹیشن اور حفظان صحت (واش) سیکٹر پلان 2025-2035" کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، جس میں صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان واٹر اینڈ سینی ٹیشن پلان 2025 تا 2035 کا آغاز صوبے میں صاف پانی کی فراہمی، معیاری صفائی کے نظام اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے سنگِ میل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے دیہی اور دور دراز علاقوں میں خواتین اور بچوں کو پینے کے صاف پانی تک رسائی کے چیلنج کو پورا کرنے میں یہ منصوبہ اہم کردار ادا کرے گا۔ اس منصوبے کے تحت محروم اور پسماندہ طبقات کو مساوی سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان ایک جامع حکمتِ عملی کے ذریعے کمیونٹی اور ترقیاتی شراکت داروں کو منصوبے میں شامل کررہی ہے تاکہ اس کے ثمرات زیادہ سے زیادہ شہریوں تک پہنچ سکیں۔

## ملک کو غیر مستحکم کرنیکی کوشش کبھی کامیاب نہیں ہوگی، صادق عمرانی

**تخریبی کارروائی کے دوران ایف سی کے جوانوں نے بروقت اور موثر کارروائی کی، بیان**

کوئٹہ (خ ن) سینئر صوبائی وزیر پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر میر محمد صادق عمرانی نے ایف سی ہیڈکوارٹر کے قریب بم حملہ اور تخریبی کارروائی کے دوران سیکورٹی فورسز اور خصوصاً ایف سی کے جوانوں کی بروقت اور موثر کاروائی پر اطمینان کا اظہار کیا ہے، بیان میں ان کا کہنا تھا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد عناصر اپنے بیرونی آقاؤں کے ایجنڈے پر عمل درآمد کرتے ہوئے ملک کو غیر مستحکم کرنے کی جو کوششیں کررہے ہیں اس میں انہیں کبھی کامیابی حاصل نہیں ہوگی، میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ دہشتگر عناصر نے بزدلانہ کارروائی کے ذریعے معصوم عوام اور سیکورٹی فورسز پر حملہ کر کے اپنے ناپاک عزائم میں کامیابی حاصل کرنے کی جو مکرو کوشش کی ہمارے بہادر جوانوں نے فوری ردعمل دیتے ہوئے تمام دہشت گردوں کو ہلاک کرتے ہوئے ثابت کیا کہ وہ ہر قسم کے مہم جوئی کا نہ صرف مقابلہ کرسکتے ہیں بلکہ ملک اور عوام کی مال و جان کے تحفظ کے لیے انہوں نے جو حلف اٹھایا تھا وہ اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کرتے ہوئے وطن عزیز کی حفاظت کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑیں گے۔

INTEKHAB QUETTA

## محنت کشوں کی خوشحالی کیلئے تمام اقدامات اٹھارہے ہیں، بابا عمرانی

**مزدوروں کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، صوبائی مشیر افرادی قوت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی مشیر افرادی قوت سردار بابا غلام رسول عمرانی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت مزدور اور محنت کش طبقے کی فلاح و بہبود کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے مزدور کسی بھی معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور معیشت کی ترقی میں ان کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ اسی وجہ سے حکومت نے محنت کش طبقے کے مسائل کے حل اور ان

بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر

کی زندگی میں آسانیاں پیدا کرنے کے لیے متعدد ٹھوس اقدامات کیے ہیں۔ صوبائی مشیر نے کہا کہ مزدوروں کو صحت کی سہولتوں کی فراہمی کے لیے خصوصی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، جبکہ مزدور بچوں کی تعلیم کے لیے تعلیمی وظائف اور سکولوں میں داخلوں کے لیے کوٹہ مختص کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ حکومت مزدوروں کو کم از کم اجرت کی ادائیگی یقینی بنانے کے لیے بھی فعال کردار ادا کررہی ہے تاکہ انہیں اپنے اور اپنے اہل خانہ کے لیے بہتر زندگی گزارنے کے مواقع میسر آئیں۔

MASHRIQ QUETTA

## صوبے میں صحت کے شعبے کی بہتری اولین ترجیحات میں شامل ہے، وزیر صحت بلوچستان

**حکومت صحت کے شعبے میں نجی اداروں کے تعاون کو بھی خوش آمدید کہتی ہے، ویکسینیشن مہمات کو تیز کیا جارہا ہے**

**ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف کی کمی کو پورا کرنے کے لیے نئی بھرتیاں کی جائیں گی، بخت محمد کاکڑ کی وفود سے گفتگو**

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں صحت کے شعبے کی بہتری حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اور موجودہ حکومت عوام کو بنیادی طبی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے، یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں اسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنے کے لیے جامع منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی کمی کو پورا کرنے کے لیے نئی بھرتیاں کی جائیں گی، جبکہ موجودہ عملے کی استعداد کار بڑھانے کے لیے خصوصی ٹریننگ پروگرامز شروع کیے جارہے ہیں۔ وزیر صحت نے اس موقع پر صوبے میں حالیہ بیماریوں اور وبائی صورتحال پر قابو پانے کے لیے کیے گئے اقدامات کی تفصیلات بھی بتائیں۔ انہوں نے کہا کہ ویکسینیشن مہمات کو تیز کیا جارہا ہے، خاص طور پر بچوں اور خواتین کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے بڑے پیمانے پر آگاہی پروگرام بھی شروع کیے گئے ہیں بخت کاکڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت صحت کے شعبے میں نجی اداروں کے تعاون کو بھی خوش آمدید کہتی ہے تاکہ عوام کو معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ بوجھ میں کمی لائی جا سکے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ آئندہ بجٹ میں صحت کے لیے خطیر رقم مختص کی جائے گی تاکہ صوبے کے اسپتالوں میں جدید آلات، ایمبولینس سروس اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ وزیر صحت نے کہا کہ بلوچستان کے عوام صحت کے شعبے میں حقیقی تبدیلی دیکھیں گے اور حکومت اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 03 OCT 2025 Page No. 11

## بلوچستان میں چینی باشندوں، کیڈٹ کالجز کی سیکورٹی کو فول پروف بنایا جائے، کمانڈنٹ بی سی

**قیام امن اور عوام کی جان ومال کے تحفظ کے لئے بی سی اور دیگر سیکورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے کہا کہ قیام امن اور عوام کے جان ومال کی تحفظ کے لئے بلوچستان کانسٹیبلری اور دیگر سیکورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے ایف سی ہیڈکوارٹر پر ہونے والی دہشت گردی کی شدید الفاظ میں مذمت اور شہدا کیلئے دعائے مغفرت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کانسٹیبلری ہر سطح پر اپنے سیکورٹی اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اور صوبے میں امن وامان کے قیام کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائیگی۔ سیٹلائٹ مانیٹرنگ سسٹم پورے بلوچستان کانسٹیبلری میں فعال ہونا چاہیے بلوچستان میں کیڈٹ کالجز کی سیکورٹی کو فول پروف بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز بلوچستان کانسٹیبلری ہیڈکوارٹر بدر لائن کوئٹہ میں سیکورٹی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی ہیڈکوارٹر، زونل کمانڈر بی سی اسسٹنٹ ڈائریکٹر اسد اللہ اور زونل کمانڈرز گوادر، سبی، لورالائی، خضدار نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ ایڈیشنل آئی جی نے کہا کہ بلوچستان میں چائنیز اور دیگر فارن نیشنلز کی سیکورٹی کو مزید مربوط کرنے کے بارے ہدایات جاری کیں، جہاں کہی بھی بلوچستان کانسٹیبلری چائنیز نیشنلز کے ساتھ ڈیوٹی سرانجام دے رہی ہے ان کی سیکورٹی کو فول پروف کیا جائے تا کہ ان کی جان کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ BC کے تمام جوانوں کی حاضری کو یقینی بنایا جائے تا کہ کسی بھی ناخوشگوار واقع سے نمٹا جا سکے۔ مزید کہ جن جوانوں کی چھٹیاں حق بنتی ہیں انہیں محکمانہ SOP کے تحت چھٹیاں دی جائیں اور ریکارڈ ہیڈکوارٹر بھیجا جائے۔

## حکومت گوادر شپ یارڈ کیلئے جلد فنڈز فراہم کرے، سینیٹر عبدالقادر

**بلوچستان بھر میں سی پیک کے تحت کئی منصوبوں پر کام شروع کرنا ہوگا، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے گوادر شپ یارڈ کی تعمیر کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا ہے کہ گوادر میں جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ بین الاقوامی معیار کا حامل شپ یارڈ جلد از جلد بنانے کی شدید ضرورت ہے اس سلسلے میں حکومت جلد فنڈز فراہم کرے تا کہ یہ میگا پراجیکٹ تیزی سے مکمل ہو سکے گوادر بندرگاہ اور شپ یارڈ کو فوری طور پر فعال کرنے سے ہی بلوچستان میں سی پیک کے تحت اقتصادی سرگرمیوں کو فروغ دینا ممکن ہو سکے گا گوادر پورٹ اور گوادر شپ یارڈ سے جہاں بلوچستان میں تجارتی سرگرمیوں کو بڑھانے میں خاطر خواہ مدد ملے گی وہاں صوبے میں روزگار کے وسیع مواقع بھی پیدا ہونے سے خوشحالی آئے گی۔

MASHRIQ QUETTA

## تمام ترقیاتی منصوبوں کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

**ان منصوبوں کی تکمیل سے جہاں شہر میں ٹریفک کے نظام میں بہتری آئے گی**

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے سی اینڈ ڈبلیو کے افسران کے ہمراہ شہر میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا۔ اس دوران نواں کلی ایف سی چیک پوسٹ تا عالمو چوک روڈ کی تعمیراتی کام کا معائنہ کیا اور ہدایت دی کہ ٹریفک کے دباؤ اور مسائل کے پیش نظر اس منصوبے کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے ایئرپور......... 

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

ٹ چورنگی تا ایئرپورٹ روڈ کی تعمیر کے کام اور ایئرپورٹ کے اندر جج پارکنگ منصوبے کا بھی تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انجینئرز اور ایس ڈی اوز نے جاری منصوبوں پر بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے کہا کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا، بالخصوص عالمو چوک روڈ کی تعمیر کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ان تمام منصوبوں کی خود باقاعدگی سے نگرانی کی جائے گی تا کہ شہریوں کو ریلیف مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ ان منصوبوں کی تکمیل سے جہاں شہر میں ٹریفک کے نظام میں بہتری آئے گی وہی دوسری جانب عوام کو سہولیات میسر آئے گی اور شہر کی خوبصورتی میں بھی اضافہ خاطر خواہ ہوگا اور کوئٹہ شہر جدید اور ترقی یافتہ شہروں میں شمار ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ تمام ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار کو تیز کرتے ہوئے بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ اور منصوبوں میں حائل رکاوٹوں کے جلد از جلد خاتمے کے لیے تمام محکمے باہمی تعاون کو فروغ دیں

INTEKHAB QUETTA

## کوئٹہ، ضلعی انتظامیہ کی منی پیٹرول پمپس تجاوزات اور گرانفروشوں کیخلاف کارروائیاں

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے شہر کے تمام سب ڈویژنز میں اسسٹنٹ کمشنرز اور اسپیشل مجسٹریٹس کی زیر نگرانی پرائس کنٹرول کی خلاف ورزیوں، آبادی والے علاقوں میں قائم منی پیٹرول پمپس اور ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 108 دکانوں اور مارکیٹوں کا معائنہ کیا گیا، 21 افراد کو گرفتار جبکہ 14 افراد کو جیل منتقل کیا گیا۔ اس کے علاوہ 10 منی پیٹرول پمپ سیل،

بقیہ نمبر 57 صفحہ 5 پر

2 دکانیں سیل اور 340 کلوگرام پلاسٹک تھیلے ضبط کیے گئے۔ مزید برآں 17 دکانداروں پر جرمانے عائد کیے گئے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے واضح کیا گیا ہے کہ شہریوں کے تحفظ، غیر قانونی کاروبار کے خاتمے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے اس قسم کی کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 03 OCT 2025

Page No. 12


# بلوچستان اسمبلی، گوادر اور ڈیرہ مراد کو میونسپل کارپوریشن کا درجہ دینے کی قرارداد منظور

## تعلیم کے فروغ اور معیار میں بہتری کی قرارداد بھی منظور، ناگ تا واشک روڈ کی تعمیر سے متعلق توجہ دلاؤ نمٹا دیا گیا

## پرنس فہد اسپتال دالبندین اور بلوچستان اسمبلی استحقاق کا ترمیمی مسودہ قانون منظور، اجلاس پیر تک ملتوی کردیا گیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی نے گوادر کو میونسپل کارپوریشن کا درجہ دینے اور بلوچستان میں تعلیم کے فروغ و معیار کی بہتری سے متعلق دو قراردادیں متفقہ طور پر منظور کرلیں، ناگ واشک روڈ کی تعمیر سے متعلق توجہ دلاؤ نمٹا دیا گیا بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعرات کو آدھے گھنٹے کی تاخیر سے اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں ہوا۔ اجلاس میں جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے قرارداد پیش کرتے ہوئے گوادر کو ایم سی سے میونسپل کارپوریشن کا درجہ دینے کی قرار داد پیش کی۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے قرارداد کو اہمیت کا حامل قرار دیا۔ صوبائی وزیر اری گیشن میر صادق عمرانی نے قرارداد میں ترمیم کرکے اس میں ڈیرہ مراد جمالی اور نصیر آباد کو بھی شامل کرنے کو کہا، جس پر اسپیکر نے رولنگ دیتے ہوئے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی کا نام بھی قرارداد میں شامل کیا جائے۔ جماعت اسلامی کے رکن پارلیمانی سیکرٹری مجید بادینی نے کہا کہ نصیر آباد اور ڈیرہ مراد جمالی کو بھی میونسپل کارپوریشن کا درجہ دیا جائے۔ نیشنل پارٹی کے رکن خیر جان بلوچ۔ جمعیت علماء اسلام کے رکن اصغر علی ترین، مسلم لیگ (ن) کے رکن برکت علی رند، نیشنل پارٹی کے رحمت صالح بلوچ اور پیپلز پارٹی کے رکن علی مدد جتک نے بھی قرارداد کی حمایت کی بعد ازاں ایوان نے یہ قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی۔ اجلاس میں جمعیت کے سید ظفر علی آغا نے اپنی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کسی بھی قوم کی تعمیر و ترقی کا ذریعہ ہوتی ہے اسی پر قوم کی فکری اور شعوری بیداری کا انحصار ہوتا ہے تعلیم کا مقصد فرد کی ذہنی جسمانی اور اخلاقی تربیت تشکیل پاتا ہے تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق ہے اور تعلیم کا مقصد ڈگری حاصل کرنا نہیں بلکہ انسانوں کے لئے وسیع افق تیار کرنا ہے، صوبہ میں معیاری اور اچھی تعلیم کے حصول کے لئے ضروری ہے کہ پورے صوبے میں ایک جیسا نظام تعلیم رائج، کورس جامع اور آج کی ضرورت کے مطابق ہو نیز کم از کم میٹرک تک تعلیم مفت ہو امتحانات مقررہ وقت پر اور سخت نگرانی میں لئے جائیں۔

# ایران سے سیب، پیاز اور ٹماٹر کی درآمد پر پابندی عائد کی جائے، ارکان اسمبلی

## مستحقین کی امداد بند کردی، ام کلثوم، مجید بادینی، زاہد علی ریکی، علی مدد جتک کا اجلاس میں اظہار خیال

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کے ارکان نے کہا ہے کہ حکومت سرحدی تجارت کے حوالے سے حکمت عملی طے کرے ، اگر سرحدی تجارت بحال نہیں کرنا ہے تو لوگوں کو متبادل روزگار فراہم کیا جائے ، بلوچستان میں زراعت کے فروغ کیلئے ایران سے سیب ، پیاز اور ٹماٹر کی درآمد پر پابندی عائد کی جائے ۔ یہ بات ارکان اسمبلی نے جمعرات کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں نکتہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہی ۔ نیشنل پارٹی کی رکن ام کلثوم نے کہا ہے کہ بلوچستان کی 80 فیصد آبادی کا انحصار زراعت ، گلہ بانی اور سرحدی تجارت سے منسلک ہے ، صوبے کے زمیندار پورا سال محنت کرکے فصلیں کاشت کرتے ہیں تاہم جوں ہی سیزان آتا ہے پھل اور سبزیاں ایران اور افغانستان سے درآمد کی جاتی ہیں جن سے ان کو شدید مالی نقصان ہورہا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں زراعت کے فروغ کیلئے ایران سے سیب ، پیاز اور ٹماٹر کی درآمد پر پابندی عائد کی جائے ۔ جماعت اسلامی کے رکن پارلیمانی لیڈر مجید بادینی نے کہا کہ گزشتہ تین سال سے زکوٰۃ کی مد میں مستحقین کو ملنے والی امداد بند کردی گئی ہے ، حکومت لوگوں کو امداد فراہم کرنے کیلئے حکمت عملی وضع کرے ۔ انہوں نے کہا کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی مد میں مستحقین کی رقوم ان کے اکاؤنٹس میں بھیجی جائیں ۔ جمعیت علماء اسلام کے رکن زاہد علی ریکی نے کہا کہ سرحدی تجارت کے مسئلہ کو ہم بار بار اسمبلی فلور پر اٹھا رہے ہیں حکومت اس حوالے سے حکمت عملی طے کرے ، اگر سرحدی تجارت بحال نہیں کرنا ہے تو لوگوں کو متبادل روزگار فراہم کیا جائے ۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے اراکین یہاں بیٹھے ہیں ان کو چاہیے کہ وہ وفاق میں اپنی پارٹیوں سے اس معاملہ پر بات کریں ۔ پیپلز پارٹی کے رکن علی مدد جتک نے کہا کہ کوئٹہ بالخصوص سریاب میں گیس نہ ہونے کے برابر ہے ۔ انہوں نے اسپیکر سے استدعا کی کہ جی ایم سوئی سدرن گیس کو اپنے چیمبر میں طلب کریں ۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 03 OCT 2025

Page No. 13

## بلوچستان کے مسائل کا حل جمہوری انداز میں ہی ممکن ہے، ڈاکٹر مالک

[illegible]

تربت (آن لائن) کیچ کلچرل فیسٹیول کے دوسرے روز مختلف علمی، سماجی، صحافتی اور ثقافتی موضوعات پر بھرپور سیشنز منعقد کیے گئے جن میں ممتاز ماہرین تعلیم، سیاست، صحافت اور ادب نے شرکت کی۔ پہلے سیشن میں معروف دانشور اور ماہر تعلیم ڈاکٹر پرویز ہودبائی، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، سینئر صحافی شہزادہ ذوالفقار اور صدر پریس کلب کوئٹہ عرفان سعید نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر پرویز ہودبائی نے کہا کہ بچوں کو ابتدائی تعلیم مادری زبان میں دی جانی چاہیے تاکہ وہ اپنی زبان پر عبور حاصل کر سکیں، تاہم جدید علوم کے حصول کے لیے انگریزی سیکھنا بھی ناگزیر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سائنس کا مذہب دو مختلف موضوعات ہیں اور ان دونوں کا موازنہ نہیں کیا جا سکتا۔ مذہب انسان کو طرز زندگی اور اخلاقیات سکھاتا ہے جبکہ سائنس مشاہدے، تجربے اور منطق پر مبنی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ تعلیم کا مقصد صرف رٹہ لگانا نہیں بلکہ سوال کرنے اور تجزیہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا ہوتا ہے۔ اس موقع پر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے اپنے خطاب میں کہا کہ بلوچستان کے مسائل کا حل جمہوری انداز میں ہی ممکن ہے۔ ان کے مطابق تمام اقوام کی زبانوں اور ثقافتوں کو احترام دینے سے ہی ریاست مستحکم ہو سکتی ہے۔

## صوبے، ملک اور خطے کی صورتحال کے پیش نظر کارکنوں کو تاریخی کردار ادا کرنا ہوگا، زیارتوال

مہنگائی و بیروزگاری نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا، اچھے بھلے خاندان نان شبینہ کو محتاج ہو گئے، ضلع زیارت کی کمیٹی سے خطاب

### چیئرمین کی سیاسی بصیرت کی بدولت پارٹی کو اہم مقام حاصل ہے، رہنماؤں کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع زیارت کی کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبدالرحیم زیارتوال کی صدارت میں ہوا۔ جس میں گزشتہ کارکردگی رپورٹ پیش کی، ضلع کمیٹی کی کارکردگی پر تنقید کے ساتھ کامیاب پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن پر پارٹی کے کردار کو سراہا گیا۔ کمیٹی نے متفقہ طور پر عوام کے تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہوئے فارم 47 کی مسلط حکومت پر عدم اعتماد کا اظہار کیا۔ اجلاس میں 17 اکتوبر کے شہدا جمہوریت اور 11 اکتوبر کے شہدا وطن کی برسی کے جلسہ کی تیاریوں کا جائزہ لیا اور وقت مقررہ پر سینکڑوں گاڑیوں کے جلوس کے ساتھ جلسہ میں جانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس سے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان و دیگر نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ صوبے، ملک اور خطے کی صورتحال کے پیش نظر پارٹی کارکنوں نے اپنے وطن دوست، جمہوریت پسند عوام کو متحرک کرنے میں تاریخی کردار ادا کرنا ہوگا۔ ملک کے مختلف شہروں میں پشتونوں کا کاروبار ختم کرنے کی پالیسی جاری ہے، جس سے اچھے بھلے خاندان نان شبینہ کے محتاج ہو گئے ہیں۔ مہنگائی و بیروزگاری نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ بجلی، گیس، پینے کے صاف پانی، تعلیم اور صحت کے سرکاری ذرائع ختم کرنے کے منصوبے بنائے جا رہے ہیں، دوسری جانب آئے روز اربوں روپے کی کرپشن کے سکینڈلز سامنے آ رہے ہیں۔ مقررین نے 40 سال سے زائد عرصہ یہاں گزارنے والے افغان کڈوال عوام کے ساتھ ناروا غیر انسانی، توہین آمیز سلوک کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کی کمیٹی کا اجلاس صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کی صدارت میں ہوا جس میں پارٹی کے مرکزی سیکرٹری عبدالحق ابدال، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز منان خان بڑیچ، سردار ادریس بڑیچ، ملک عمر کاکڑ، گل خلجی، اقبال خان بے زئی، حفیظ ترین نے شرکت کی۔ اجلاس میں 17 اکتوبر کے شہدائے جمہوریت اور 11 اکتوبر کے شہدائے وطن کی برسیوں کی مناسبت سے 17 اکتوبر کو لولالائی کے جلسہ عام میں شرکت، پارٹی کی صوبائی کمیٹی کے اجلاس کی تیاری، کوئٹہ کی چار تحصیلوں، سٹی، صدر، کچلاک اور سریاب میں جاری علاقائی کانفرنسز اور تنظیمی فعالیت کو زیر غور لایا گیا اور ضلع کوئٹہ میں جاری کانفرنسوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے تحصیلوں کو ہدایت کی گئی کہ وہ باقی ماندہ علاقائی یونٹس کے کانفرنسز جلد از جلد جمہوری انداز میں مکمل کریں تاکہ مرحلہ وار تحصیل کانفرنسز کے انعقاد کو یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس میں 2 ستمبر کو سردار عطاء اللہ خان مینگل کی برسی کے جلسہ عام پر دھماکے اور اس کے نتیجے میں کارکنوں کی شہادت اور بیسیوں کے زخمی ہونے کے واقعہ کی مذمت کی اور 8 ستمبر کو تمام صوبے میں مکمل شٹر ڈاؤن و پہیہ جام کے موقع پر انتظامیہ کی جانب سے رہنماؤں و کارکنوں کی گرفتاریوں، تشدد، آنسو گیس، شیلنگ، لاٹھی چارج کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی۔

MASHRIQ QUETTA

## وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پانچ سال مکمل کریں گے، حاجی علی مدد جتک

لوگ خواب خرگوش میں بہت کچھ کہتے رہتے ہیں، وزیراعلیٰ کو کسی قسم کا کوئی خطرہ نہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پانچ سال مکمل کریں گے یہ سب ہوائی باتیں ہیں وزیراعلیٰ کہیں نہیں جا رہے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو بلوچستان......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

اسمبلی کے اجلاس کے بعد صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ علی حسن زہری شیر ہیں وہ انڈے دیں یا بچے دیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے دبنگ وزیراعلیٰ ہیں وہ پانچ سال مکمل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی، مسلم لیگ (ن) سمیت اتحادی ارکان وزیراعلیٰ کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لوگ خواب خرگوش میں بہت کچھ کہتے رہتے ہیں لیکن وزیراعلیٰ کو کسی قسم کا کوئی خطرہ نہیں پانچ سال بعد ہم اپنے حلقوں میں جائیں گے اور دوبارہ الیکشن لڑ کر آئیں گے۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ کسی کے دفتر پر قبضہ نہیں ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 03 OCT 2025

Page No. 14

# مسلم حکمران و سپہ سالاران اسرائیلی دہشتگردی رکوانے میں کردار ادا کریں

مولانا ہدایت الرحمن

## اسرائیلی فورسز کا گلوبل صمود فلوٹیلا پر دھاوا و مشتاق احمد خان ودیگر کی گرفتاریاں بزدلانہ فعل ہے' امیر جماعت اسلامی

### سیاسی دینی قوم پرست جماعتوں کو بلاتفریق دلیر و بہادر گرفتار شدگان کی رہائی کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کرنی چاہیے' ایم پی اے

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ غاصب اسرائیلی فورسز کا گلوبل صمود فلوٹیلا پر موجود انسانی حقوق سے وابستہ افراد پر دھاوا، جماعت اسلامی کے مرکزی رہنماء سابق سینیٹر مشتاق احمد خان ودیگر کی گرفتاریاں ایک بزدلانہ شرمناک جنگی جرم ہے ملک کے حکمران و سپہ سالار جرات ہمت کا مظاہرہ کرتے ہوئے مشتاق احمد خان ودیگر کی فوری بحفاظت رہائی کیلئے عملی اقدامات اٹھائیں امریکی سرپرستی میں جاری اسرائیلی دہشت گردی رکوائیں مشتاق احمد خان وانسانیت سے محبت کر

بقیہ صفحہ 7

لا قافلہ بھوک وافلاس ودہشت گردی کے شکار بچوں خواتین کی مدد کرنے کیلئے امدادی سامان کے ہمراہ بغیر کسی اسلحہ کیساتھ غزہ فلسطین جارہے تھے جس پر غاصب اسرائیلی فوجیوں نے حملہ کرکے امداد سامان پر قبضہ کیا۔ پرامن صمود فلوٹیلا کا قافلہ نہتے بہادروں کا قافلہ تھا جو بہادر مگر بھوک کا شکار شدید زخمی اور ضرورت مند فلسطینیوں کی انسانی مدد کیلئے نکلے تھے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں وفود وصحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اسرائیل امریکی سرپرستی میں انسانیت اور معاشرت کے سارے ضابطے پامال کر چکا ہے پاکستان کی تمام سیاسی دینی قوم پرست جماعتوں کو بلاتفریق دلیر اور بہادر سابق سینیٹر مشتاق احمد خان سمیت تمام گرفتار شدگان کی رہائی کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کرنی چاہیے حکومت پاکستان ان گرفتاریوں کا فوری نوٹس لیکر تمام گرفتار شدگان کی رہائی کیلئے فوری اور ضروری اقدامات اٹھائے غزہ کے لئے امدادی قافلہ گلوبل صمود فلوٹیلا پر اسرائیلی حملہ دہشت گردی، انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ اسرائیل مسلسل بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ریاستی دہشت گردی کا مرتکب ہو رہا ہے عالمی برادری بالخصوص مسلم دنیا پر لازم ہے کہ وہ اسرائیلی جارحیت اور دہشت گردی کے خلاف سنجیدہ اور عملی اقدامات کرے۔ الحمدللہ دنیا بھر میں انسانیت سے محبت کرنے والے لوگ گلوبل فلوٹیلا پر حملے گلوبل فلوٹیلا میں شامل قافلے کے لوگ وکارکن اور مشتاق احمد خان کی گرفتاری کے خلاف سراپا احتجاج ہیں۔ پاکستان وعالم اسلام بھی احتجاج پر ہیں۔ مذمت کے بجائے مزاحمت کی ضرورت ہے۔ مسلم حکمرانوں وسپہ سالاروں کو بھی مسلم عوام کی آواز واحتجاج میں عملی طور پر ساتھ دینا چاہیے انشاء اللہ نہ صرف مشتاق احمد خان ودیگر کارکن رہا ہوں گے بلکہ انشاء اللہ غزہ وفلسطین بھی یہودیوں کے قبضے ومظالم اور دہشت گردی سے آزاد ہوگا دریں اثناء فلسطین سے اظہار یکجہتی، اسرائیلی دہشت گردی، سینیٹر مشتاق احمد خان ودیگر کی گرفتاری کے خلاف جماعت اسلامی کے زیراہتمام آج کوئٹہ میں بھی احتجاجی مظاہرہ ہوگا جماعت اسلامی ضلع کوئٹہ کے زیراہتمام غزہ کے لئے امدادی قافلے صمود فلوٹیلا پر اسرائیلی حملے، اسرائیلی امریکی دہشت گردی اور جماعت اسلامی کے رہنماء سینیٹر مشتاق احمد خان کی گرفتاری کے خلاف احتجاجی مظاہرہ آج بروز جمعہ 3 اکتوبر 2 بجے جمعہ نماز کے بعد قندھاری جامع مسجد میزان چوک پر ہوگا احتجاجی مظاہرہ سے جماعت اسلامی کے صوبائی وضلعی قائدین خطاب کریں گے شہریوں وکارکنان سے بروقت شرکت کی استدعا کی گئی ہے۔

امن وامان | عوامی مسائل

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 03 OCT 2025 Page No. 15

## سریاب: دوگروہوں میں تصادم، دوافراد جاں بحق اور 2 زخمی

**پولیس کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر تصادم کو بڑھنے سے روکا اور لاشوں وزخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب روڈ پر دو گروہوں میں تصادم کے نتیجے میں دوافراد جاں بحق اور تین زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق نیو سریاب کے علاقے بنی گلی میں گزشتہ شب دو گروہوں میں تصادم ہوگیا۔ اس دوران فائرنگ کے تبادلے میں دو افراد جاں بحق اور دو زخمی ہوگئے۔ اطلاع ملنے پر پولیس کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر تصادم کو بڑھنے سے روکا اور لاشوں وزخمیوں کو ہسپتال پہنچایا ہسپتال میں ایک لاش کی شناخت ایوب کے نام سے ہوئی جبکہ دوسری لاش کی تاحال شناخت نہیں ہوسکی۔ مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی گئی ہے واقعہ کے بعد علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا ہے۔

## ڈیرہ مراد جمالی، موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر ایک بھائی ہلاک، دوسرا زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) لہڑی بختیار آباد کے درمیانی علاقہ میں ڈکیتی کی واردات کے دوران مذاحمت کرنے پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک بھائی جاں بحق جبکہ دوسرا شدید زخمی ہوگیا۔ لیویز حکام کے مطابق لہڑی و بختیار آباد کے درمیانی علاقہ میں موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کے دوران مذاحمت کرنے پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک بھائی جاں بحق جبکہ دوسرا شدید زخمی ہوگیا۔ ڈاکو اپنے ساتھ موٹر سائیکل لے کر فرار ہوگئے۔ واقع کے بعد لیویز نے علاقے کی ناکہ بندی کرلی تاہم کوئی گرفتاری وبرآمدگی عمل میں نہیں آئی۔

MASHRIQ QUETTA

## ڈیرہ بگٹی، لین دین کے تنازعہ پر فائرنگ سے خاتون جاں بحق

**نعش ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی: پولیس**

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی کے علاقے میں لین دین کے تنازعے پر فائرنگ سے خاتون جاں بحق ہوگئی۔ پولیس کے مطابق جمعرات کو ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی دریجان کالونی میں لین دین کے تنازعے پر ایک شخص نے فائرنگ کر کے اپنی چچی کو ہلاک کردیا اور موقع سے فرار ہوگیا پولیس نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء .........

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کے حوالے کردی اور مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی شروع کردی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 03 OCT 2025 Page No. 16


## گیس کی لوڈشیڈنگ باعث تشویش ہے، مسئلہ حل کیا جائے، شہریوں کا مطالبہ

**رات 9 سے صبح 6 بجے تک گیس غائب رہتی ہے، جس کی وجہ سے گھریلو صارفین پریشان ہیں**

کوئٹہ (اسپرپا رپورٹر) سوئی سدرن گیس کمپنی انتظامیہ گیس کی 24 گھنٹے فراہمی کو یقینی بنائے، عبدالرازق اسحاق زئی، سید وقار شاہ ودیگر کی مشرق سے گفتگو کوئٹہ (اسپرپا رپورٹر) کوئٹہ سمیت نواحی علاقوں میں سردی کی معمولی سی جھلک کے بعد گیس پریشر میں کمی کی شکایات میں اضافہ، جبکہ معمول کے مطابق لوڈ شیڈنگ نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا کوئٹہ کے عوام اور تاجر برادری نے سوئی سدرن گیس کمپنی انتظامیہ سے کمپنی کے اس اہم مسئلہ پر فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے گیس پریشر میں اضافہ اور بغیر کسی تعطل کے 24 گھنٹے گیس کی فراہمی کی اپیل کی ہے، مشرق سروے میں سے بات چیت کرتے ہوئے، عبدالرازق اسحاق زئی، حمید اللہ بنگلزئی، سید وقار شاہ، روزی خان کاکڑ ودیگر نے بتایا ہے کہ یوں تو کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں صبح 10 بجے سے شام 3 بجے گیس بندی کی جاتی ہے اور اسی طرح رات 9 بجے سے صبح 6 بجے تک گیس غائب رہتی ہے۔



جس کی وجہ سے نہ صرف گھریلو صارفین پریشان ہیں، بلکہ تاجر برادری کو بھی اس حوالے سے مشکلات کا سامنا ہے، نہ صرف ہوٹلز بلکہ گھر تندور والے ادا کرتے ہیں بلکہ ساتھ ہی بازار سے لکڑیاں خرید کر گزر بسر کر رہی ہے اسی طرح صورتحال گھریلو صارفین کی بھی ہے کہ وہ سوئی سدرن گیس کمپنی کے گیس بل کے علاوہ بازار سے لکڑیاں خرید کر سردی ہوں یا گرمی سلنڈر لگانا پڑتا ہے اور سالن روٹی وغیرہ پکانی پڑتی ہے، ایسے صورتحال نے عوام کو سر درد میں مبتلا کر دیا ہے، انہوں نے رواں سردی میں گیس لوڈ شیڈنگ ختم کرنے اور معمول کے مطابق گیس کی فراہمی کا مطالبہ کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، خصوصاً سوئی سدرن گیس کمپنی انتظامیہ سے بھی اپیل کی ہے کہ سردیوں میں بزرگ، بچے، جوان سردی کی شدت سے گزر کر انتہائی مشکل بن جاتی ہے جس کی وجہ سے اکثر وبیشتر بزرگ، جوان خواتین و بچے بیمار ہو جاتے ہیں لہٰذا متعلقہ حکام کو اس حوالے سے عوام پر ترس کھانا چاہیے بصورت دیگر کوئٹہ کے عوام احتجاج کرنے پر مجبور ہو سکتے ہیں۔


INTEKHAB QUETTA


## خضدار میونسپل ملازمین کا تین ماہ سے بند تنخواہوں کی ادائیگی کا مطالبہ

**بچوں کی فیسیں، بجلی کے بل، کرایہ اور روزمرہ اخراجات پورے کرنا ناممکن ہوگیا ہے، کئی ملازمین ادھار اور قرضے لے کر گزر بسر کرنے پر مجبور ہیں**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میونسپل کارپوریشن خضدار کے ملازمین سمیت بلوچستان بھر میں بھی شدید مالی بحران کا شکار ہو چکے ہیں گزشتہ تین ماہ سے تنخواہیں نہ ملنے کے باعث درجنوں ملازمین کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ چکے ہیں، جبکہ مہنگائی کے اس دور میں فاقہ کشی کی صورتحال پیدا ہو چکی ہے جبکہ بلدیاتی ملازمین کسی بھی شہر کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں گلیوں بازاروں کی صفائی ستھرائی سے لے کر پانی کی فراہمی، سڑکوں کی دیکھ بھال، اور عوامی صحت کے امور تک یہ ملازمین روزمرہ زندگی کو بہتر بنانے کیلئے خاموشی سے کام کرتے ہیں لیکن جب ان کی تنخواہیں روک دی جاتی ہیں تو ان کا یہ کردار سوالیہ نشان بن جاتا ہے کہ کیا یہ معاشی استحکام کی جانب قدم ہے یا معاشی ظلم؟ ملازمین کا کہنا ہے کہ بچوں کی فیسیں، بجلی کے بل، کرایہ اور روزمرہ اخراجات پورے کرنا ناممکن ہوگیا ہے۔ کئی ملازمین ادھار اور قرضے لے کر گزر بسر کرنے پر مجبور ہے۔ جبکہ کئی کے گھروں میں راشن تک میسر نہیں بلدیاتی ملازمین کی تنخواہوں کی بروقت ادائیگی نہ ہونا صرف ایک انتظامی مسئلہ نہیں بلکہ یہ ایک گہرا سماجی اور معاشی بحران ہے یہ وہ ملازمین ہیں جن کی ماہانہ آمدنی ان کے گھروں کا واحد سہارا ہیں یہ صورتحال صرف ان ملازمین کیلئے نہیں بلکہ پورے معاشرے کیلئے تشویش ناک ہے اور ایسی صورتحال کا اثر براہ راست عوامی خدمات کے معیار پر پڑتا ہے یہ صورتحال اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ بلدیاتی اداروں اور حکومت کے درمیان ذمہ داری کا فقدان ہے یا ادارے اپنے مالی معاملات کو بہتر طریقے سے منظم کرنے میں ناکام ہیں سیاسی اور انتظامی سطح پر فیصلہ سازوں کو اس مسئلے کی سنگینی کا ادراک ہونا چاہیے حکومت کو چاہیے کہ وہ بلدیاتی اداروں کے فنڈز کو یقینی بنائے اور ملازمین کی تنخواہوں کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنائے ملازمین نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اور سیکرٹری فنانس سے اپیل کی ہے کہ وہ فوری طور پر معاملے کا نوٹس لیں اور خضدار میونسپل کارپوریشن سمیت بلوچستان بھر کے تمام بلدیاتی ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی یقینی بنائیں۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 03 OCT 2025 Page No. 17

# وزیراعلیٰ بلوچستان کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کی بازگشت، حکومتی تسلسل ہی مسائل کا حل!

بلوچستان میں صوبائی حکومت نے کبھی اپنی مدت پوری نہیں کی، ہرنئی حکومت بننے کے چند سال بعد حکومتی جماعت کے اندر اور اتحادیوں کی جانب سے اپنے وزیراعلیٰ سے ناراضگی کا اظہار کیا جاتا ہے، مختلف فورمز پر الزام تراشی کی جاتی ہے کہ وزیراعلیٰ ہمیں اعتماد میں لئے بغیر اپنی مرضی کے فیصلے مسلط کرتا ہے۔ محکموں کے سیکرٹریز، فنڈز سمیت دیگر معاملات پر تحفظات کا اظہار کرتے ہیں جبکہ یہ بھی گلہ کرتے دکھائی دیتے ہیں کہ انہیں فیصلہ سازی سمیت اختیارات سے محروم رکھا گیا ہے ہم بے اختیار ہیں، منظور نظر وزراء و اراکین اسمبلی کو نوازا جاتا ہے۔ بلوچستان کے جتنے بھی وزراء اعلیٰ گزرے ہیں بیشتر پر اسی طرح کے الزامات لگے ہیں جس کا نتیجہ عدم اعتماد کی صورت میں سامنے آیا اور منتخب وزیراعلیٰ کو فارغ کیا گیا ۔ اب ایک بار پھر بلوچستان میں پاکستان پیپلز پارٹی کے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے متعلق ان کی اپنی جماعت کے ارکان اور ایک دو اتحادی اپنے تحفظات کا اظہار کررہے ہیں، عدم اعتماد کی بازگشت چل رہی ہے جو کہ اتنی موثر دکھائی نہیں دے رہی۔ پیپلز پارٹی کے ایک صوبائی وزیر اور ایک پارلیمانی سیکرٹری نے کھل کر وزیراعلیٰ کے خلاف تحفظات کا اظہار کیا ہے جبکہ مسلم لیگ (ن) کے ایک رکن اسمبلی نے بھی واضح کیا ہے کہ اگر وزیراعلیٰ کے خلاف تحریک عدم اعتماد آتی ہے تو وہ اس کی حمایت کریں گے۔ پیپلز پارٹی کے دو اراکین اسمبلی کا الزام ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی پالیسیوں نے پیپلز پارٹی کا بیڑا غرق کر دیا ہے اور کسی کارکن یا رہنما کے کام نہیں ہورہے۔ ان کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ ن لیگ کو باور کراتے ہیں کہ وہ ان کے وزیراعلیٰ ہیں جبکہ پیپلز پارٹی کے ساتھ خود کو ان کا وزیراعلیٰ قرار دیتے ہیں جو ان کے بقول 'دوغلے پن' کی واضح مثال ہے۔ پیپلز پارٹی کے میر علی حسن زہری اور میر لیاقت لہڑی جبکہ مسلم لیگ ن کے رکن اسمبلی نواب جنگیز مری کی جانب سے ہی صرف تحفظات کا اظہار کیا جارہا ہے جبکہ پیپلز پارٹی کے دیگر اراکین، ن لیگ، باپ کی جانب سے مکمل اعتماد نظر آرہا ہے۔ بہرحال اختلاف رائے رکھنا جمہوری حق ہے اگر واقعی حقیقی تحفظات ہیں تو انہیں وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے ایڈریس کیا جانا چاہئے مگر حکومت کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک بلوچستان کیلئے مزید مسائل کا سبب بنے گی جس کا اثر صوبے کی گورننس سمیت دیگر معاملات پر پڑے گا۔ بلوچستان میں حکومتی تسلسل نہ ہونے کی وجہ سے بھی پسماندگی ومحرومیوں نے جنم لیا ہے جس کا حل وزیراعلیٰ کی تبدیلی نہیں بلکہ حکومتی تسلسل، گڈ گورننس میں پنہاں ہے۔ امید ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ساتھیوں کے تحفظات دور کریں گے اور تمام اراکین کے حلقوں میں یکساں ترقی کو ترجیح دیں گے جن سے عوام کو فائدہ پہنچے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated 0 3 OCT 2025 Page No. 18


## سیکورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 18 دہشت گرد ہلاک

سیکورٹی فورسز نے بلوچستان کے دو مختلف اضلاع میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران بھارتی حمایت یافتہ 18 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ کارروائیوں کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں 2 سیکیورٹی اہلکار زخمی بھی ہوئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کوئٹہ کے علاقے نوحصار میں مشترکہ آپریشن کیا گیا جس میں فرنٹیئر کور، پاک فوج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے حصہ لیا۔ پہاڑی علاقے میں دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر ہونے والی کارروائی کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں بھارتی اسپانسرڈ 10 دہشتگرد مارے گئے جبکہ ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد ہوا۔ ادھر ضلع شیرانی میں بھی انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا جس کے دوران فتنہ الخوارج گروہ کے 8 دہشتگرد ہلاک ہوئے۔ کارروائی کے دوران دہشتگردوں کے قبضے سے AK-47 رائفلیں، بھاری مشین گنز، گرینیڈز، راکٹ لانچرز اور بڑی مقدار میں گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ ہلاک دہشتگرد سیکیورٹی فورسز پر حملوں اور تخریبی کارروائیوں میں ملوث تھے، جبکہ یہ آپریشنز علاقے میں امن و امان قائم رکھنے اور دشمن عناصر کی سرگرمیوں کو ناکام بنانے کے لیے کیے گئے۔ سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع پر خضدار میں کارروائی کرتے ہوئے خواتین کا لبادہ اوڑھ کر فرار کی کوشش کرنے والے فتنہ الہندوستان کے 4 دہشت گردوں کو گرفتار کر لیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق چاروں دہشت گرد آپریشن کے دوران بزدلانہ طور پر خواتین کا لباس پہن کر فرار ہونے کی کوشش کر رہے تھے۔ دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا جبکہ گرفتار ہونے والے فتنہ الہندوستان کے کارندے متعدد تخریبی سرگرمیوں میں بھی ملوث رہے ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں کلیئرنس آپریشن جاری ہے تاکہ باقی دہشت گردوں کا بھی خاتمہ کیا جا سکے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز اس عزم کا اعادہ کرتی ہیں کہ ملک سے بھارتی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا اور دہشت گردوں کو ہر حال میں انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگردوں کے خلاف بھرپور اور کامیاب آپریشنز کر کے ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ ان کارروائیوں کے دوران 13 دہشتگردوں کو انجام تک پہنچایا گیا جو ہمارے بہادر جوانوں کی پیشہ ورانہ مہارت اور غیر متزلزل عزم کا واضح ثبوت ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دشمن ایجنسیوں کے مہرے اور بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے دہشتگرد بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کے خواب دیکھ رہے تھے، لیکن سیکیورٹی اداروں نے ان کے عزائم کو پوری قوت سے ناکام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں قیام امن اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور پوری قوم ان پر فخر کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے بہادر سپوتوں کو قوم کی طرف سے سلام پیش کرتا ہوں، جنہوں نے اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر وطنِ عزیز کی سلامتی کو یقینی بنایا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے عزم ظاہر کیا کہ بھارتی پشت پناہی میں سرگرم دہشتگردوں کے مکمل خاتمے تک آپریشنز جاری رہیں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 Dated: 03 OCT 2025 Page No. 19


## Gwadar's water issue

Taking serious notice of extreme shortage of drinking water in Gwadar and other areas of the coastal district, Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has ordered the authorities concerned to immediately start water supply to Gwadar residents from Mirani Dam through water tankers. The chief minister issued the order during a meeting convened to discuss water shortage in Gwadar.

Gwadar, the most famous city in Balochistan and one of the most attractive cities in Pakistan is deprived of clean drinking water. The people of Gwadar are not demanding fascinating and beautiful buildings, roads, and parks, they need clean drinking water. If the government cannot ensure provision of water to the population of Gwadar then how would one believe in claims of the government that China Pakistan Economic Corridor (CPEC) and Gwadar Port would change the fate of Balochistan. In the past former Prime Ministers had paid visits to Gwadar and had announced redressal of the water issue but regrettably, the issue still persists and needs attention of the government.

Billions of dollars have been invested in grand infrastructure projects: a new international airport, expansive expressways, and a modern port. Yet, amidst this impressive display of development, the residents of Gwadar receive water, often of dubious quality, only once every ten to fifteen days. While the government and its Chinese partners have built desalination plants, many of these facilities are non-operational or hampered by a lack of consistent power supply.

The water crisis in Gwadar is deeply intertwined with decades of neglect and mismanagement. Promises have been made, committees formed, and official visits conducted, but the on-the-ground reality for the local population remains unchanged. The issue extends beyond simple drought; it is a failure of governance, planning, and execution. The lack of accountability, allegations of corruption in water supply projects, and the persistent power failures that cripple water distribution systems all point to a systemic breakdown.

It is investable that the Balochistan as well as federal government ought to pay extra- ordinary attention towards permanent redressal of all other important issues including that of water in Gwadar. The authorities must seriously look into this grave matter and ensure the supply of pure water to the relevant pumping station as soon as possible so that the locals get pure water. Now it is the responsibility of the federal government and authorities concerned to ensure permanent supply of clean drinking water to the residents of Gwadar besides completing all other projects particularly that of CPEC.

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated 03 OCT 2025 Page No. 20

# بلوچستان دہشت گردوں کے نشانے پر




پاکستان کی سرزمین پر دشمنی کا کھیل کھیلنے میں مصروف ہیں۔ بلوچستان دہشت گردوں کے نشانے پر ہے اور افغانستان کی سرزمین پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی کی کارروائیوں کیلئے استعمال ہو رہی ہے۔ [illegible] افغانیوں سے مل کر دہشت گرد بلوچستان کا امن تباہ کر رہے ہیں۔ کچھ عرصہ قبل بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں ایف سی ہیڈکوارٹر پر خودکش حملے کے نتیجے میں 10 افراد شہید اور 40 سے زائد زخمی ہو گئے جبکہ سکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی سے خودکش بمبار سمیت 6 دہشت گرد مارے گئے۔ ان دہشت گردوں سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا تھا۔ بلوچستان میں دہشت گرد تنظیموں کو مکمل بھارتی مدد حاصل ہونے کی وجہ سے دہشت گرد حملوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔ کالعدم تنظیمیں بھارتی مدد سے مسلسل بے گناہ انسانوں کا قتل عام کر رہی ہیں۔ معرکہ حق ”آپریشن بنیان مرصوص“ میں تاریخی شکست کے بعد نریندر مودی سرکار فتنہ الہندوستان بلوچستان میں کالعدم تنظیموں کے ذریعے دہشت گردی کی آگ بھڑکانے میں مصروف عمل ہے۔ بھارتی خفیہ ایجنسیاں پراکسیز کو مالی معاونت فراہم کرتی ہیں، بھارتی اسپانسرڈ پراکسیز نہ صرف حملوں کی منصوبہ بندی کرتی ہیں بلکہ کالعدم تنظیموں کو تربیت اور اسلحہ بھی فراہم کرتی ہیں۔ کالعدم تنظیمیں بھارتی مدد سے مسلسل بے گناہ انسانوں کا قتل عام کر رہی ہیں۔ معرکہ حق ”آپریشن بنیان مرصوص“ میں تاریخی شکست کے بعد نریندر مودی سرکار فتنہ الہندوستان بلوچستان میں کالعدم تنظیموں کے ذریعے دہشت گردی کی آگ بھڑکانے میں مصروف عمل ہے۔ بھارتی خفیہ ایجنسیاں پراکسیز کو مالی معاونت فراہم کرتی ہیں، بھارتی اسپانسرڈ پراکسیز نہ صرف حملوں کی منصوبہ بندی کرتی ہیں بلکہ کالعدم تنظیموں کو تربیت اور اسلحہ بھی فراہم کرتی ہیں۔ بھارتی اسپانسرڈ پراکسیز کے کالعدم تنظیموں کے علاوہ معاہدے کیساتھ ساتھ [illegible] بھی قائم ہیں بھارتی حکومت کیساتھ ساتھ بھارتی میڈیا بھی دہشت گردوں کی پشت پناہی میں پیش پیش ہے۔

آج پاکستان کو دونوں سرحدوں پر ہونے والی دہشت گردی کا سامنا ہے۔ ٹی ٹی پی، فتنہ الخوارج، فتنہ الہندوستان، بی ایل اے اور ان کی مجید بریگیڈ کی دہشت گردی کا سامنا کر رہے ہیں۔ یہ گروہ افغان سرزمین سے آپریٹ کرتے ہیں اور اکثر اوقات پیچیدہ ہولناک حملوں کے ذمہ دار ہیں۔ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ناقابل فراموش قربانیاں دی ہیں اور اس کا اقتصادی خرچ بھی بھاری رہا۔ اندازے کے مطابق دو سو ارب ڈالر سے زائد کا نقصان ہو چکا ہے جس نے معاشی ترقی، ملک کی آبادی ترقیاتی منصوبہ بندی اور عوامی فلاح و بہبود کے پروگراموں کو بھی شدید نقصان پہنچایا ہے۔ کینیڈا جیسے خودمختار ملک میں گھس کر سکھ رہنما ہردیپ سنگھ نجر کا قتل بھی بھارتی ریاستی دہشت گردی کی ایک حالیہ مثال ہے۔ حماس اسرائیل جنگ میں انسان دشمنی کی بنیاد پر اسرائیل کا ساتھ دینے اور مظلوم فلسطینیوں پر وحشیانہ بمباری پر خوشی کا اظہار کرنے پر بھارت پوری دنیا کے باشعور اور انسان دوست معاشروں کا اعتماد کھو چکا ہے۔ امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ نے پاکستان میں دہشت گردی اور ٹارگٹ کلنگ کے حوالے سے بھارت کا گھناؤنا کردار بے نقاب کیا تھا۔ واشنگٹن پوسٹ کی رپورٹ کے مطابق بھارت پاکستان میں دہشت گرد کارروائیوں کے ذریعے ٹارگٹ کلنگ میں ملوث ہے۔

پاکستان کی سلامتی کو کسی بھی طریقے سے نقصان پہنچانے کا بھارتی ایجنڈا تو قیام پاکستان کے وقت ہی طے پا گیا تھا جس پر عمل کرنے میں بھارت کی کسی بھی حکومت نے کبھی کوئی کسر نہیں چھوڑی۔

اس ایجنڈے کے تحت ہی پاکستان پر تین باقاعدہ جنگیں مسلط کی گئیں۔ 1971 کی جنگ میں بھارتی پروردہ دہشت گرد اور عسکری تنظیم مکتی باہنی کی معاونت سے پاکستان کو دولخت کیا گیا جس کے بعد بھارت باقی ماندہ پاکستان کی سلامتی کے بھی درپے ہو گیا۔ جس پر عمل کرنے میں بھارت کی کسی بھی حکومت نے بھی کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ اس ایجنڈے کے تحت ہی پاکستان پر تین باقاعدہ جنگیں مسلط کی گئیں۔ 1971 کی جنگ میں بھارتی پروردہ دہشت گرد اور عسکری تنظیم مکتی باہنی کی معاونت سے پاکستان کو دولخت کیا گیا جس کے بعد بھارت باقی ماندہ پاکستان کی سلامتی کے بھی درپے ہو گیا۔ اس نے آبی دہشت گردی کے ذریعے پاکستان کو کبھی سیلاب میں ڈبونے اور کبھی بھوکا پیاسا مارنے کی سازشیں کیں اور پھر باقاعدہ دہشت گردی کے ذریعے پاکستان کو ٹارگٹ کرنا شروع کر دیا گیا۔ بھارت نے افغان حکومت کی معاونت سے افغان سرزمین کو اپنے دہشت گردوں کی تربیت اور انہیں افغان سرحد سے پاکستان میں داخل کرنے کیلئے استعمال کرنے کا سلسلہ شروع کیا۔ یہ سلسلہ ہنوز جاری ہے اس نے آبی دہشت گردی کے ذریعے پاکستان کو کبھی سیلاب میں ڈبونے اور کبھی بھوکا پیاسا مارنے کی سازشیں کیں اور پھر باقاعدہ دہشت گردی کے ذریعے پاکستان کو ٹارگٹ کرنا شروع کر دیا گیا۔ بھارت نے افغان حکومت کی معاونت سے افغان سرزمین کو اپنے دہشت گردوں کی تربیت اور انہیں افغان سرحد سے پاکستان میں داخل کرنے کیلئے استعمال کرنے کا سلسلہ شروع کیا۔ یہ سلسلہ ہنوز جاری ہے جس میں افغانستان کی موجودہ عبوری حکومت بھی اس کی شریک کار بن چکی ہے۔ اس کے نتیجے میں پاکستان میں دہشت گرد حملوں میں اضافہ ہوا ہے جبکہ پاکستانی خفیہ ادارے دہشت گردی کی ان وارداتوں میں بھارت اور افغان حکومت کے ملوث ہونے کے ٹھوس شواہد اکٹھے کر کے اقوام متحدہ سیکرٹریٹ، امریکی دفتر خارجہ اور دوسرے عالمی اور علاقائی فورمز کو فراہم کر چکے ہیں۔ صوبہ بلوچستان قیام پاکستان کے ساتھ ہی کئی طرح کی بیرونی سازشوں کا شکار ہوا۔ سانحہ مشرقی پاکستان کے بعد ازلی دشمن بھارت نے اس صوبے کو خاص طور پر نشانہ بنایا۔ پہلے آزاد بلوچستان کی چنگاری سلگائی پھر اس کو ہوا دی گئی۔ جبکہ پاکستانی خفیہ ادارے دہشت گردی کی ان وارداتوں میں بھارت اور افغان حکومت کے ملوث ہونے کے ٹھوس شواہد اکٹھے کر کے اقوام متحدہ سیکرٹریٹ، امریکی دفتر خارجہ اور دوسرے عالمی اور علاقائی فورمز کو فراہم کر چکے ہیں۔ صوبہ

بلوچستان [illegible] اس نے خود اپنے ملک کے اندر اقلیتوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمسایہ ممالک افغانستان، بنگلہ دیش اور پاکستان میں بھارتی دراندازی خطرناک حد تک بڑھ چکی ہے۔ دوسری بھارت کی عالمی دہشت گردی صرف بلوچستان، پاکستان تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ دوسرے ممالک کو نشانہ بنا رہا ہے۔ عالمی شواہد اور اعداد و شمار واضح کرتے ہیں کہ بھارت عالمی سطح پر دہشت گردی کا پورا نیٹ ورک چلا رہا ہے۔ عالمی سطح پر بھارتی دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ، ماورائے عدالت قتل اور دوست ممالک کے ساتھ دھوکا دہی کے بے شمار واقعات عالمی میڈیا کی زینت بن چکے ہیں۔ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف طویل اور صبر آزما جنگ لڑی ہے جس میں ہمارے ہزاروں فوجی، سویلین اور معصوم بچے شہید ہوئے ہیں۔ اس قربانی کے نتیجے میں ملک میں امن کی بحالی ممکن ہوئی ہے۔ اس وقت پاکستان کی سکیورٹی فورسز اور انٹیلیجنس ادارے پوری طرح چوکنا ہیں اور دشمن کے ہر وار کو ناکام بنانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس وقت ضرورت اس امر کی ہے کہ بین الاقوامی برادری بھارت کی ان کارروائیوں کا سختی سے نوٹس لے اور خطے میں پائیدار امن کے قیام کیلئے انصاف پر مبنی کردار ادا کرے۔ پاکستان امن کا داعی ضرور ہے، مگر اپنی خودمختاری، سلامتی اور عوام کی حفاظت کیلئے کسی بھی حد تک جا سکتا ہے۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ Dated: 03 OCT 2025 Page No.______



اسپیکر اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس میں صوبائی وزراء اور ارکان اسمبلی قراردادوں پر اظہار خیال کر رہے ہیں



صوبائی وزیر پی ایچ ای عبدالرحمن کھیتران سے پارلیمانی سیکرٹری ہادیہ نواز بہرانی ملاقات کر رہی ہیں

MASHRIQ QUETTA



صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران واش یونیسیف کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ کا زیارت و ہرنائی کے سیاسی کارکنوں کے ہمراہ گروپ



صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی سے میر زاہد علی ریکی اور خیر جان بلوچ گفتگو کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: MASHRIQ QUETTA

No. Dated: 03 OCT 2025 Page No.



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اسٹریٹجک پراجیکٹس سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

INTEKHAB QUETTA



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اجلاس کی بذریعہ ویڈیو لنک صدارت کر رہے ہیں

CamScanner